صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی
E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770
چیف ایڈیٹر سید وحید شاہ
ایڈیٹر محمد صغیر
جلد 25 | شمارہ: 45 | 03 نومبر تا 09 نومبر 2025ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

وزیراعظم نے پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ کے بین الاقوامی فرانزک آڈٹ کا حکم دے دیا

وفاقی بورڈ آف ریونیو میں اصلاحات سے متعلق ایک اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس کے دوران وزیراعظم کو فراڈ کی مکمل تفصیلات سے آگاہ کیا گیا

یہ فراڈ کئی سالوں پر محیط تھا، جس میں جعلی انوائسنگ، بڑھا چڑھا کر ظاہر کیے گئے ٹیکس ریٹرنز اور ریکارڈ میں ہیرا پھیری جیسے اقدامات شامل تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ (پرال) کے نظام کا بین الاقوامی فرانزک آڈٹ کرانے کا حکم دیا ہے، جس کے بعد ایک بڑی سیلز ٹیکس فراڈ اسکیم کا انکشاف ہوا ہے جس کے ذریعے مبینہ طور پر قومی خزانے سے اربوں روپے نکالے گئے۔ وفاقی بورڈ آف ریونیو میں اصلاحات سے متعلق ایک اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس کے دوران وزیراعظم کو فراڈ کی مکمل تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ بتایا گیا کہ یہ اسکیم پرال کے فرسودہ نظام اور کمزور نگرانی کے باعث ممکن ہوئی۔ یہ فراڈ کئی سالوں پر محیط تھا، جس میں جعلی انوائسنگ، بڑھا چڑھا کر ظاہر کیے گئے ٹیکس ریٹرنز اور ریکارڈ میں ہیرا پھیری جیسے اقدامات شامل تھے جو ریئل ٹائم مانیٹرنگ اور مؤثر ڈیٹا سیکیورٹی کے فقدان کے باعث طویل عرصے تک بے نقاب نہ ہو سکے۔ شہباز شریف نے اس واقعے کو ناقابلِ قبول قرار دیتے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

چینی اسکینڈل: ایف بی آر نے ڈیٹا فراہم نہیں کیا، مسابقتی کمیشن

چینی کی قیمت 200 روپے فی کلوگرام سے تجاوز کرنے پر شوگر مل مالکان نے بھاری منافع کمایا

جب بھی چینی کی برآمد کی اجازت دی گئی، اس کے بعد ملک میں چینی کا بحران پیدا ہوا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسابقتی کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) پر الزام عائد کیا کہ اس نے مارچ 2025 میں چینی کی قیمتوں میں مبینہ ہیرا پھیری سے متعلق تفتیش کے لیے درکار ڈیٹا فراہم نہیں کیا، حالانکہ اس حوالے سے متعدد بار خط و کتابت کی گئی۔ یہ مؤقف سی سی پی کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں اختیار کیا، جس کی سربراہی ڈاکٹر اختیار بیگ کر رہے تھے۔ کمیٹی کو یہ ذمہ داری دی گئی ہے کہ وہ ان اداروں، افراد یا سرکاری اہلکاروں کی نشاندہی کرے جنہوں نے ماضی میں چینی کی برآمد و درآمد سے متعلق فیصلے کیے۔ اراکین اسمبلی فرحان چشتی اور طاہرہ اورنگزیب نے اجلاس میں کہا کہ چینی کی قیمت 200 روپے فی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

امریکا اور بھارت کے درمیان دفاعی معاہدے کے بعد دستاویزات میڈیا کے سامنے دکھائی جا رہی ہیں

جولائی تا اکتوبر ایف بی آر مقررہ ہدف حاصل کرنے میں ناکام

272 ارب کا شارٹ فال

اکتوبر 2025 میں محصولات کا حجم تقریباً 952 ارب روپے رہا جو ماہانہ ہدف 1 ہزار 26 ارب روپے سے 74 ارب روپے کم ہے

ابتدائی چار ماہ کے دوران 34 فیصد ٹیکس دہندگان نے زیرو ریٹرنز (یعنی بغیر کسی آمدن کے گوشوارے) جمع کرائے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو مقررہ ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہا اور جولائی تا اکتوبر (مالی سال 2025-26) کے دوران مجموعی طور پر 3 ہزار 837 ارب روپے کے محصولات جمع کیے جو مقررہ ہدف 4 ہزار 109 ارب روپے کے مقابلے میں 272 ارب روپے کی نمایاں کمی ظاہر کرتے ہیں۔ ایف بی آر نے محصولات کی عارضی تفصیلات جاری کیں۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ عبوری اعداد و شمار کے مطابق اکتوبر 2025 میں محصولات کا حجم تقریباً 952 ارب روپے رہا جو ماہانہ ہدف 1 ہزار 26 ارب روپے سے 74 ارب روپے کم ہے۔ ذرائع کے مطابق حتمی اعداد و شمار مرتب ہونے پر اکتوبر کی مجموعی محصولات یکم نومبر تک 955 ارب روپے سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ جولائی تا اکتوبر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

وزیراعظم: ہزاروں ہنرمندوں کو سعودی عرب بھیجیں گے

حالیہ دورے کے دوران مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی پر بات چیت ہوئی، جس میں مملکت نے پاکستان کے ہنرمند افرادی وسائل میں گہری دلچسپی ظاہر کی

2030 ورلڈ ایکسپو اور 2034 فیفا ورلڈ کپ جیسے بڑے مواقع کے لیے اعلیٰ تربیت یافتہ عملے کی ضرورت ہے، وزیرِاعظم نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے ویژن 2030 کو سراہتے ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرِاعظم شہباز شریف نے اعلان کیا کہ پاکستان روزگار کے مواقع بڑھانے اور عالمی سطح پر افرادی قوت میں اپنا کردار مضبوط بنانے کے لیے ہزاروں مزدوروں، ہنرمند کارکنوں اور پیشہ ور افراد کو سعودی عرب بھیجنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ وزیرِاعظم نے یہ اعلان وزیرِاعظم یوتھ لیپ ٹاپ اسکیم 2025 کے چوتھے مرحلے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سعودی عرب کے حالیہ دورے کے دوران مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی پر بات چیت ہوئی، جس میں مملکت نے پاکستان کے ہنرمند افرادی وسائل میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ پاکستانی نوجوانوں کو روزگار کے لیے سعودی عرب بھیجنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے کیونکہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جا کر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
SUBSCRIBE NOW
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
TIJARAT NEWS
YouTube
info@tijaratnews.tv 0307-0610770

اہم نگرانی کا اختیار آڈیٹر جنرل سے وزارت خزانہ کو منتقل

یہ ترمیم پبلک فنانس مینجمنٹ ریفارم فریم ورک کے تحت جاری اصلاحات کا حصہ ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے مالیاتی نظم و نسق اور پرنسپل اکاؤنٹنگ افسران کے اختیارات سے متعلق ضوابط 2021 میں ترمیم کر دی ہے، جس کے تحت آڈیٹر جنرل آف پاکستان (اے جی پی) کا ایک اہم نگرانی کا کردار ختم کر کے اسے وزارت خزانہ کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام کو مختلف وزارتوں اور ڈویژنز میں مالیاتی نظم و نسق کے طریقہ کار پر وزارت خزانہ کے کنٹرول میں اضافے کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ مالیاتی ڈویژن کی جانب سے پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ 2019 کی دفعہ 27 کے تحت جاری کردہ نوٹیفکیشن (ایس آر او (1)/ 2025) کے مطابق ضابطہ نمبر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

کراچی میں اسپتال کے اخراجات کی ادائیگی کیلیے نومولود بچہ فروخت کرنے کا انکشاف

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر قائد کے علاقے میمن گوٹھ میں اسپتال کے اخراجات ادا کرنے کیلیے نومولود کو فروخت کرنے کا انکشاف ہوا جسے خاتون نے خرید کر پنجاب میں کسی کو پیسوں کے عوض دے دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق میمن گوٹھ میں قائم نجی اسپتال میں شمع نامی حاملہ خاتون ڈاکٹر سے معائنہ کروانے کیلیے گئی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

ستمبر کے دوران براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں بڑی کمی

ستمبر 2025 میں 417.4 ملین ڈالر سے گھٹ کر 185.6 ملین ڈالر رہ گئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فنانس ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ اکتوبر 2025 کے ماہانہ اقتصادی جائزے میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان نے ستمبر میں ترسیلاتِ زر میں نمایاں اضافہ اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں تشویشناک کمی ریکارڈ کی۔ رپورٹ کے مطابق ترسیلاتِ زر میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 11.3 فیصد اضافہ جبکہ براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) میں 55.5 فیصد کمی واقع ہوئی، جو ستمبر 2025 میں 417.4 ملین ڈالر سے گھٹ کر 185.6 ملین ڈالر رہ گئی۔ مجموعی طور پر غیر ملکی سرمایہ کاری میں 64.5 فیصد کمی دیکھی گئی۔ رپورٹ کے مطابق مہنگائی کی شرح اکتوبر میں 5 تا 6 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

سونے کی قیمت میں بڑی کمی سے سٹہ مافیا کے اربوں روپے ڈوب گئے

مافیا سونے کے ریٹ پانچ لاکھ روپے فی تولہ تک پہنچانا چاہتی تھی، بلین سٹہ نیٹ ورک کے خلاف کریک ڈاؤن کی تیاری مکمل کر لی گئی

کراچی سے چلنے والے 13 واٹس ایپ گروپوں نے گزشتہ دو برسوں سے ملکی صرافہ مارکیٹ کو ڈیجیٹل جوے خانے میں تبدیل کر رکھا تھا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سونے کی قیمتوں میں کمی سے کئی کروڑ پتی کنگال ہوگئے، فی تولہ 14 ہزار روپے کی اچانک کمی سے ایک ہی دن میں سٹہ مافیا کے اربوں روپے ڈوب گئے، مافیا سونے کے ریٹ پانچ لاکھ روپے فی تولہ تک پہنچانا چاہتی تھی، بلین سٹہ نیٹ ورک کے خلاف کریک ڈاؤن کی تیاری مکمل کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ملک میں سونے کی قیمتوں میں اچانک 14 ہزار روپے فی تولہ کی بڑی کمی نے مارکیٹ میں بلچل مچا دی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس ایک جھٹکے سے سٹہ گینگ کو ایک ہی دن میں اربوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ جس کو اب وہ پورا کرنے کے لیے سرگرم ہو چکے ہیں۔ انتہائی باوثوق ذرائع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

شبر زیدی کیس: اعلیٰ شخصیات زد میں آنے کے امکان پر 24 گھنٹے میں مقدمہ واپس

16 میں سے 10 ارب روپے وزیر خزانہ کے سابقہ ادارے حبیب بینک کو ملے، میاں منشا کا ایم سی بی بینک بھی شامل تھا

شواہد نہیں ملے، تفتیشی افسر نے عدالت میں رپورٹ جمع کروا دی، تمام ملزمان بری الذمہ قرار

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سمیت اہم شخصیات کے قانونی مسائل سے دوچار ہونے کے امکان کو دیکھتے ہوئے 16 ارب روپے کے انکم ٹیکس ریفنڈز سے متعلق کیس میں سابق چیئرمین ایف بی آر سید محمد شبر زیدی، ایف بی آر، بینکوں اور دیگر حکام کو ایف آئی اے نے 24 گھنٹے کے اندر ہی بے قصور قرار دے دیا۔ ایف آئی اے نے ملزمان کے خلاف بدنیتی، ذاتی فائدے اور مجرمانہ گٹھ جوڑ کا الزام لگایا تھا اور یہ مقدمہ باقاعدہ انکوائری کے بعد درج کیا گیا تھا۔ ایف آئی اے اینٹی کرپشن اینڈ کرائم سرکل کراچی میں درج مقدمے میں شبر زیدی پر چیئرمین ایف بی آر کی حیثیت سے اپنی سابقہ کلائنٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

وزیراعظم نے ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع سے منع کر دیا

31 اکتوبر تک ریٹرنز جمع کرانے والوں کی مجموعی تعداد 59 لاکھ تک پہنچ گئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ہدایت کی ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کی مدت میں توسیع نہ دی جائے کیونکہ 31 اکتوبر تک ریٹرنز جمع کرانے والوں کی مجموعی تعداد 59 لاکھ تک پہنچ گئی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس ایئر 2025 کے لیے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

ٹرمپ کا چین پر ٹیرف 47 فیصد تک کم کرنے کا اعلان

یہ بیان چینی صدر کیساتھ ملاقات کے بعد دیا گیا، جو 2019 کے بعد دونوں رہنماؤں کی پہلی ملاقات تھی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جمعرات کہا کہ انہوں نے چین پر ٹیرف 47 فیصد تک کم کرنے پر اتفاق کر لیا ہے اس کے بدلے میں بیجنگ نے امریکی سویابین کی خریداری دوبارہ شروع کرنے، نایاب معدنیات کی برآمدات کو جاری رکھنے اور فینٹانائل کی غیر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

معاشی مشکلات، امریلی اسٹیل ملز کی سائٹ رولنگ مل کی بندش میں اضافہ

سائٹ پلانٹ کمپنی کی مجموعی پیداواری صلاحیت کا 30 فیصد نمائندگی کرتا ہے (پی ایس ایکس)

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) معاشی مشکلات کے پیش نظر، امریلی اسٹیلز لمیٹڈ (اے ایس ٹی ایل) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کراچی میں کمپنی کے سائٹ رولنگ مل (ایس آر ایم) کی بندش میں توسیع کا فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کو بھیجے گئے نوٹس میں کمپنی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

پاکستان کو پہلی بار امریکی خام تیل کی کھیپ موصول

یہ کارگو ایم ٹی پیگاسس جہاز کے ذریعے آیا اور سینرجیکو کے سنگل پوائنٹ مورنگ پورٹ پر لنگر انداز ہوا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کو پہلی مرتبہ امریکی خام تیل کی کھیپ موصول ہوئی جو بلوچستان کے ساحل پر واقع سینرجیکو کے آف شور ٹرمینل پر پہنچنے کے ساتھ ہی پاک، امریکا تجارتی تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ کارگو ایم ٹی پیگاسس نامی سوئز میکس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

چترال: وزیراعظم شہباز شریف دانش اسکول کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا کر رہے ہیں

تاجروں کی قیادت میں اقتصادی پالیسی کمیٹیاں تشکیل

وزیرِ مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کی نجکاری میں آئندہ ماہ پیش رفت متوقع ہے

وزیرِاعظم شہباز شریف نے حال ہی میں کاروباری برادری سے تین گھنٹے طویل ملاقات کی، جس میں برآمدات بڑھانے اور معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے تجاویز لی گئیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرِاعظم شہباز شریف نے ملکی معیشت کی بحالی کے لیے آٹھ خصوصی ورکنگ گروپس تشکیل دیے ہیں۔ جن میں معروف کاروباری شخصیات شامل ہیں۔ ان گروپس کا مقصد اقتصادی بحالی کے لیے پالیسی تجاویز تیار کرنا ہے تاہم یہ تجاویز بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے طے شدہ مفاہمتی یادداشت (ایم ای ایف پی) کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے زیرِ غور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول زرداری میڈیا نمائندوں سے گفتگو کر رہے ہیں

8 ارب کا فراڈ، کسٹمز اپیلیٹ ٹربیونل کے 5 اہم فیصلے

سگریٹ، اسٹیشنری اور دیگر اشیاء سے متعلق بڑے پیمانے پر کی گئی مس ڈیکلیریشن کے مقدمات میں جرمانے اور ضبطگیوں کو برقرار رکھا گیا ہے

کیس میں تقریباً 1.5 ارب روپے کی چوری شامل تھی، جس سے مجموعی طور پر تقریباً 8 ارب روپے کے محصولات کا فراڈ کرنے کی کوشش کی گئی

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) ایک بڑے کسٹمز فراڈ اسکینڈل کے خلاف بھرپور کارروائی کے دوران، اسلام آباد میں کسٹمز اپیلیٹ ٹربیونل نے پانچ اہم فیصلے سنائے ہیں، جن میں سگریٹ، اسٹیشنری اور دیگر اشیاء سے متعلق بڑے پیمانے پر کی گئی مس ڈیکلیریشن کے مقدمات میں جرمانے اور ضبطگیوں کو برقرار رکھا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے بغیر شوگر ملز کو چینی کی پیداوار کلیئر کرنے سے روک دیا گیا

ایف بی آر نے سیلز ٹیکس جنرل آرڈر (ایس ٹی جی او) نمبر 5 آف 2025 جاری کر دیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے شوگر ملوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ آئندہ کرشنگ سیزن کے دوران اپنے فیکٹری اسٹورز سے چینی کی پیداوار اس وقت تک کلیئر نہ کریں جب تک کہ ان لینڈ ریونیو کے افسران ویڈیو نگرانی، ویڈیو اینالیٹکس یا ڈیجیٹل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

حبکو کا منافع 35 فیصد کمی سے 13.28 ارب رہ گیا

کمپنی نے گزشتہ سال کی اسی مدت میں 20.31 ارب روپے کا منافع حاصل کیا تھا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کم آمدن کے باعث حب پاور کمپنی لمیٹڈ (حبکو) کا منافع 35 فیصد کمی کے ساتھ 30 ستمبر 2025 کو ختم ہونے والی سہ ماہی میں گھٹ کر 13.28 ارب روپے رہ گیا۔ اسٹاک ایکسچینج کو بھیجے گئے نوٹس کے مطابق مجموعی بنیادوں پر کمپنی نے گزشتہ سال کی اسی مدت میں 20.31 ارب روپے کا منافع حاصل کیا تھا۔ سہ ماہی کے دوران فی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

تین سال پرانی استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد پر پابندی کا امکان

فیصلہ وزیرِ تجارت جام کمال خان کی زیرِ صدارت ہونے والے بین الوزارتی اجلاس میں کیا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اطلاعات کے مطابق حکومت اوورسیز پاکستانیوں کی جانب سے تین سال پرانی استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد پر پابندیاں عائد کرنے کے لیے تیار ہے تاکہ اس سہولت کے غلط استعمال کو روکا جا سکے اور درآمد کنندگان کی جانب سے ہنڈی اور حوالات کے لین دین ختم ہو سکیں۔ اس حوالے سے فیصلہ وزیرِ تجارت جام کمال خان کی زیرِ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

غیر ملکی سرمایہ کاروں کی بڑی تعداد نے پاکستان کو سرمایہ کاری کیلئے بہتر قرار دیدیا

پاکستان میں کام کرنے والی 200 سے زائد غیر ملکی کمپنیوں کی آراء شامل ہیں، رپورٹ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تازہ ترین پرسپشن اینڈ انویسٹمنٹ سروے 2025 کے مطابق 73 فیصد غیر ملکی سرمایہ کاروں نے پاکستان کو براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے موزوں ملک قرار دیا ہے جو 2023 کے 61 فیصد اعتماد کے مقابلے میں نمایاں بہتری ہے۔ او آئی سی سی آئی نے یہ رپورٹ دو سال کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

پاکستان کی برآمدات جی ڈی پی کے تناسب سے کم ہو رہی ہیں، ورلڈ بینک

1990 کی دہائی میں اوسطاً 16 فیصد سے گر کر 2024 میں صرف تقریباً 10.4 فیصد رہ گئی ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ورلڈ بینک نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان کی برآمدات جی ڈی پی کے تناسب سے کم ہو رہی ہیں اور یہ اپنی ممکنہ حد سے کافی نیچے ہیں، جس سے تقریباً 60 ارب امریکی ڈالر کی غیر استعمال شدہ برآمدی صلاحیت ظاہر ہوتی ہے۔ بینک نے برآمدات کی راہ میں رکاوٹ کے طور پر بلند محصولات، پیچیدہ ضوابط، مہنگی توانائی اور لاجسٹکس کو اہم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

ملیر ایجوکیشن سٹی: 225 ارب کی زمین میں ساڑھے 8 ارب میں الاٹ کرنے کی تیاری

مذکورہ پروجیکٹ کے لیے پہلے بھی سندھ حکومت 9 ہزار ایکڑ زمین الاٹ کر چکی ہے۔ مزید زمین الاٹ کرنے سے کئی قدیم گاؤں متاثر ہوں گے

حکومت سندھ سن 2006 تقریباً 9 ہزار ایکڑ زمین پہلے ہی الاٹ کر چکی ہے، پروجیکٹ کے لیے مختص وسیع اراضی کے صرف 10 فیصد حصے پر ہی کام ہو رہا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ملیر ایجوکیشن سٹی کے لیے تقریباً سوا دو کھرب روپے مالیت کی 10 ہزار 7 سو 16 ایکڑ سے زائد زمین تقریباً ساڑھے آٹھ ارب روپے میں با اثر شخصیت کے حوالے کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ مذکورہ پروجیکٹ کے لیے پہلے بھی سندھ حکومت 9 ہزار ایکڑ زمین الاٹ کر چکی ہے۔ مزید زمین الاٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

ایف ایف سی درآمد شدہ توانائی پر انحصار کم کرنے کے لیے متحرک

انتظامیہ نے کہا کہ منصوبہ ابتدائی مراحل میں ہے اور اس کے لیے ابھی کوئی تخمینہ نہیں لگایا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی بڑی فرٹیلائزر کمپنیوں میں سے ایک فوجی فرٹیلائزر کمپنی (ایف ایف سی) قدرتی گیس کے متبادل کے طور پر کوئلہ گیسیفکیشن منصوبے کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے، جس کا مقصد ملک کے وسیع کوئلے کے ذخائر سے فائدہ اٹھانا اور درآمد شدہ توانائی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ گھوٹکی کندھکوٹ پل منصوبے پر پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد: مہمند ڈیم ہائیڈرو پاور منصوبے کے حوالے سے معاہدے پر دستخط کے بعد پاکستان اور کویت کے نمائندے دستاویز دکھا رہے ہیں

صنعت و تجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ　　ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 25۔(شمارہ نمبر 45)03 نومبر تا 09 نومبر 2025ء فون-0307-0610770 E-MAIL:info@tigaratnews.tv

پاکستان میں اسموگ کے زراعت پر اثرات اور ممکنہ حل

دھوئیں کا تعلق صدیوں سے انسانی سرگرمیوں سے رہا ہے، جیسے ایندھن کا جلانا، صنعتی فضلہ، یا جنگلات کی آگ۔ تاہم، جب یہ دھواں دھند، گرد اور خطرناک کیمیائی ذرات کے ساتھ مل کر فضا میں معلق ہو جائے تو اسے ''اسموگ'' کہا جاتا ہے۔ اسموگ ایک زہریلا مرکب ہوتا ہے جو نظر کی حد کو کم کرتا ہے اور انسانی صحت، ماحولیاتی توازن اور معیشت پر سنگین اثرات ڈالتا ہے۔ پاکستان، خاص طور پر پنجاب کے میدانی علاقے، ہر سال خزاں اور سرما کے آغاز میں اسموگ کے شدید اثرات کی لپیٹ میں آجاتے ہیں۔ اسموگ کی تباہ کاریوں کا پہلا نشانہ انسانی صحت بنتی ہے۔ عالمی ادار؟ صحت کے مطابق فضا میں باریک آلودہ ذرات (پی ایم 2.5) کی زیادتی سانس کی بیماریوں، دل کے امراض، آنکھوں میں جلن، جلدی مسائل اور وقت سے پہلے اموات کا باعث بن سکتی ہے۔ پاکستان میں ہر سال تقریباً 1,28,000 اموات کو فضائی آلودگی سے جوڑا جاتا ہے۔ لاہور، فیصل آباد اور گوجرانوالہ جیسے شہر دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں شامل ہو چکے ہیں، جہاں اسموگ کے باعث اسکولوں کی بندش، اسپتالوں میں رش، اور سانس کی بیماریوں میں اضافہ روزمرہ حقیقت بن چکی ہے۔ زراعت پر اسموگ کے اثرات بھی نہایت اہم اور تشویشناک ہیں، لیکن انہیں اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ سورج کی روشنی کی کمی کے باعث فصلوں میں فوٹو سنتھیسس کا عمل سست پڑ جاتا ہے، جو کہ پودوں کی نشوونما کیلیے بنیادی حیاتیاتی عمل ہے۔ خاص طور پر گندم، سبزیاں، چارہ اور آئل سیڈز جیسی فصلیں اس سے براہِ راست متاثر ہوتی ہیں۔ فصلوں کی بڑھوتری میں کمی، پیداوار کا گھٹ جانا اور زرعی لاگت کا بڑھ جانا اس کے اہم نتائج ہیں۔ اسموگ میں موجود باریک ذرات جب پودوں کے پتوں پر جم جاتے ہیں تو وہ تنفس، پانی کے تبادلے اور غذائی اجزا کے جذب ہونے کے عمل کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ زراعت، خود اسموگ کے بننے میں ایک کردار ادا کرتی ہے۔ خاص طور پر چاول کی فصل کے بعد بچ جانے والی فصل کی باقیات کو آگ لگانا معمول بن چکا ہے۔ یہ عمل کسانوں کے لیے آسان اور سستا تو ہے، لیکن فضا میں کاربن مونو آکسائیڈ، نائٹروجن آکسائیڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ، اور زہریلے ذرات کی ایک بڑی مقدار شامل کرتا ہے، جو اسموگ کی شدت کو کئی گنا بڑھا دیتا ہے۔ بدقسمتی سے، کئی کسان اس مسئلے کی سنگینی سے ناواقف ہوتے ہیں اور اسے زرعی روایت یا لاگت سے بچاؤ کے طور پر جاری رکھتے ہیں۔ اسموگ سے بچاؤ کیلیے ہمیں صرف علامات کا علاج نہیں بلکہ وجوہات پر قابو پانا ہوگا۔ سب سے پہلا قدم فصلوں کی باقیات کو جلانے کے عمل کو روکنا ہے۔ اس کیلیے کسانوں کو عملی تربیت فراہم کی جائے تاکہ وہ بھوسے کو کمپوسٹ کھاد، جانوروں کی خوراک یا بایو انرجی کے طور پر استعمال کر سکیں۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ کسانوں کیلیے ایسی مشینری، جیسے ہیپی سیڈر، زیرو ٹلج ڈرل، اور سپر ایس ایم ایس مشینوں کو سبسڈی پر مہیا کرے تاکہ بھوسہ زمین میں جذب کیا جا سکے اور اگلی فصل کی تیاری میں مدد ملے۔ دوسرا اہم پہلو آگاہی اور شعور کا فروغ ہے۔ صرف قانون بنانا کافی نہیں، بلکہ میڈیا، زرعی اداروں، مقامی علما، اور اسکولوں کو چاہیے کہ وہ اسموگ کے اثرات اور زرعی متبادل طریقوں کے بارے میں مسلسل آگاہی مہمات چلائیں۔ جب تک کسان خود اس مسئلے کو اپنی زمین، پیداوار اور بچوں کے مستقبل سے جوڑ کر نہیں دیکھیں گے، تب تک کوئی پالیسی دیرپا فائدہ نہیں دے سکے گی۔ قانونی اقدامات کا بھی مؤثر نفاذ ضروری ہے۔ بھوسہ جلانے کی ممانعت پر نہ صرف قانون موجود ہے بلکہ اس پر سختی سے عملدرآمد بھی ہونا چاہیے۔ خلاف ورزی کرنے والوں کو وارننگز، جرمانے اور بعض صورتوں میں قانونی کارروائی کا سامنا ہونا چاہیے تاکہ دوسروں کے لیے مثال قائم ہو۔ ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے بغیر اسموگ پر قابو پانا ممکن نہیں۔ ڈرون، سیٹلائٹ تصاویر اور ریموٹ سینسنگ جیسے جدید ذرائع استعمال کیے جائیں تاکہ فصلوں کی باقیات کو جلانے کی بروقت نشاندہی ہو سکے۔ صوبائی زرعی محکموں کو اس ڈیٹا کی بنیاد پر فوری مداخلت کا اختیار دیا جائے۔ یہ سمجھنا لازمی ہے کہ اسموگ کا مسئلہ صرف ماحولیاتی نہیں بلکہ قومی بقا کا مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ اس کا حل صرف حکومت، کسان یا شہری اداروں تک محدود نہیں بلکہ ایک اجتماعی سماجی، تعلیمی، اور قانونی کوشش کا تقاضا کرتا ہے۔ اگر ہم چاہیں تو جدید ٹیکنالوجی، بہتر پالیسی، عوامی شعور، اور انفرادی ذمے داری کے امتزاج سے نہ صرف اپنی فصلیں بلکہ اپنی فضا، صحت اور آنے والی نسلوں کا مستقبل بھی محفوظ بنا سکتے ہیں۔

مصر میں اربوں ڈالر کی مالیت سے فرعونی تاریخ کا میوزیم کھل گیا

میوزیم میں فرعون توتن خامن کے مقبرے سے ملنے والے نوادرات ہیں

قاہرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں اہرامِ مصر کے قریب دنیا کے سب سے بڑے قدیم نوادرات کے عجائب گھر ''گرینڈ ایجپشن میوزیم (GEM)'' کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں دنیا بھر کے صدور، وزرائے اعظم اور شاہی خاندانوں کے افراد نے شرکت کی۔ یہ

منصوبہ 20 سال میں مکمل ہوا، جو عرب بہار کی تحریکوں، عالمی وبا اور علاقائی تنازعات کے باعث کئی بار تاخیر کا شکار ہوا۔ مصری وزیرِاعظم مصطفیٰ مدبولی نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ ''یہ منصوبہ مصر کی جانب سے دنیا کے لیے ایک تحفہ ہے، ایک ایسی تہذیب کی طرف سے جس کی تاریخ سات ہزار سال پر محیط ہے۔'' تقریب میں صدر عبدالفتاح السیسی سمیت معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ اہرام کے پس منظر میں ہونے والی تقریب میں فرعونی لباس پہنے رقاصاؤں کی پرفارمنس، لیزر لائٹس، آتشبازی، اور ہائیڈروگلیفکس کے شاندار مناظر نے تقریب کو یادگار بنا دیا۔ شرکا میں جرمن صدر فرانک والٹر شٹائن مائر، ڈچ وزیرِاعظم ڈک شوف، ہنگری کے وزیرِاعظم وکٹر اوربان، فلسطینی صدر محمود عباس، کانگو کے صدر فیلکس تشی سکیڈی، اور عمان و بحرین کے ولی عہد بھی موجود تھے۔ میوزیم میں سب سے زیادہ توجہ کا مرکز فرعون توتن خامن کے مقبرے سے ملنے والے نوادرات ہیں، جن میں اس کا سنہری ماسک، تخت، تابوت اور ہزاروں قدیم خزانے شامل ہیں۔ اس کے علاوہ رمسیس دوم کا عظیم الشان مجسمہ بھی عجائب گھر کے مرکزی ہال کی زینت ہے۔ صدر السیسی نے کہا کہ ''یہ میوزیم ماضی اور حال کے درمیان ایک نیا باب ہے جو مصر کے شاندار ورثے کو آئندہ نسلوں تک لے کر جائے گا۔''

پاکستان اور کینیڈا کا ہائبرڈ بیج، لائیو اسٹاک کی افزائش میں تعاون بڑھانے پر غور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور کینیڈا نے ہائبرڈ بیج، لائیو اسٹاک کی افزائش اور فیڈ فارمولیشن میں تعاون بڑھانے پر غور شروع کر دیا۔ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان زرعی تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا گیا ہے جس کے لیے ایس آئی ایف سی زرعی شعبہ میں ترقی اور جدت کے لیے کوشاں ہیں۔ وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ رانا تنویر

حسین اور کینیڈین ہائی کمشنر طارق علی خان زرعی تعاون کے فروغ کے لیے پرعزم ہیں۔ وفاقی وزیر نے پاکستان میں زرعی مشینری کی مقامی تیاری کے لیے مشترکہ منصوبوں کی بھی تجاویز دیں۔ کینولا کی کاشت سے زرعی پیداوار میں جدت، کسانوں کی آمدنی میں اضافہ اور عالمی مارکیٹوں تک رسائی ممکن ہوگی۔ کینیڈا کے ساتھ زرعی اور غذائی تحفظ میں شراکت داری سے پاکستان کی برآمدات کو عالمی سطح پر فروغ حاصل ہوگا۔ پاکستان اور کینیڈا نے سرٹیفکیشن، مارکیٹ تک رسائی اور تکنیکی تعاون کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپ تشکیل دینے پر اتفاق کیا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی مؤثر پالیسیاں غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد حاصل کر کے ملکی معیشت کو مزید مستحکم کرنے میں کوشاں ہیں۔

ایپل واچ کیلئے واٹس ایپ ورژن کی آزمائش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسٹنٹ میسجنگ اپلی کیشن واٹس ایپ نے ایپل واچ کے لیے ایپ ورژن کی آزمائش شروع کر دی ہے۔ واٹس ایپ بیٹا انفو کی رپورٹ کے مطابق اس ایپ کے ذریعے ایپل واچ صارفین واٹس ایپ چیٹ لسٹ میں میسجز اور میڈیا دیکھ سکیں گے، نوٹیفکیشن کا انتظار کیے بغیر نیا میسج بھیج سکیں گے اور ایموجیز کو استعمال کرتے ہوئے میسج ری ایکشن بھیج سکیں گے۔ اس کے علاوہ صارفین اس ورژن میں آڈیو میسج بھیج سکتے ہیں اور وائس ان پُٹ کے ذریعے پیغامات لکھوا سکتے ہیں۔ تاہم، اس کے استعمال کے لیے ایپل واچ کو واٹس ایپ رکھنے والے آئی فون سے کنیکٹ رکھنا ہوگا۔ ایپ کا یہ ورژن آئی او ایس کے لیے واٹس ایپ کا بیٹا ورژن 25.32.10.72 انسٹال کر کے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

سام سنگ کا پتلے اسمارٹ فونز کی پروڈکشن بڑھانے کا فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سام سنگ نے پتلے اسمارٹ فونز کی پیداوار بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق اس فیصلے کا مقصد صارفین کی اسٹائل اور پرفارمنس کے لحاظ سے نئے تقاضوں کو پورا کرنا ہے۔ حالیہ برسوں میں لوگوں کی دلچسپی پتلے اور ہلکے فونز میں زیادہ بڑھ گئی ہے، اور سام سنگ اس ٹرینڈ کا فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔ سام سنگ نے اپنے سیمی کنڈکٹر اور موبائل ٹیکنالوجی کے شعبے میں نئی جدتوں کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ پتلے فونز بھی بہترین پرفارمنس فراہم کر سکیں۔ سام سنگ کا مقصد ایسے فونز بنانا ہے جو نہ صرف پتلے ہوں بلکہ ان کی پرفارمنس میں بھی کمی نہ آئے۔ سام سنگ نے اپنے مقابلے میں ایپل اور ژیاؤمی جیسے برانڈز کے فونز کو دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا ہے۔

واٹس ایپ کا بیک اپ چیٹ کی حفاظت کے لیے بڑا اعلان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسٹنٹ میسجنگ اپلی کیشن واٹس ایپ انکرپٹڈ بیک اپ تک رسائی کے لیے پاس کی سپورٹ کا نیا طریقہ کار شامل کرنے جا رہا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر کسی صارف کی ڈیوائس کھو جاتی ہے تو فنگر پرنٹ، فیشل ریکگنیشن یا اس ڈیوائس کا اسکرین لاک کوڈ استعمال کرتے ہوئے واٹس ایپ کے بیک اپ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ کافی عرصے تک واٹس ایپ کے چیٹ بیک اپ پر انکرپشن کی حفاظتی تہہ موجود نہیں تھی۔

ایس سی او ویژن 2025، گلگت بلتستان میں جدید ترین 100 آئی ٹی سیٹ اپس قائم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسپیشل کمیونیکیشن آرگنائزیشن (ایس سی او) نے اپنے ویژن 2025 کے تحت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق آزاد جموں و کشمیر اور ٹیکنالوجی پارک مظفر آباد میں قائم کیا گیا ہے اور خصوصی افراد کے لیے خودمختار رہائشی مراکز بھی قائم کیے گئے ہیں۔ ڈی جی ایس سی او نے اس موقع پر کہا ایس سی او- وژن 2025 کے تحت آزاد کشمیر اور

گلگت بلتستان میں جدید ترین 100 آئی ٹی سیٹ اپس قائم کیے گئے جبکہ آئی ٹی کے شعبہ میں نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لئے مسلسل کوشاں ایس سی او- وژن 2025 کے تحت 700 سے زائد افراد کو روزگار جبکہ 1500 فری لانسرز کو بااختیار بنایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ایس سی او کے وژن 2025 کے تحت پاکستان کا پہلا خواتین کے لیے سافٹ ویئر گلگت بلتستان میں مشترکہ 100 آئی ٹی پارکس قائم کیے گئے ہیں۔ ان اقدامات سے تقریباً 20 ملین ڈالر کے غیر ملکی زر مبادلہ کا حصول ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ آئی ٹی پارکس دو سال کی ریکارڈ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچے ہیں۔ ایس سی او نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور خطہ میں آئی ٹی انقلاب لانے کے لیے پرعزم ہے۔

روس میں فیکٹری ملازم کو تمام ملازمین کی تنخواہیں غلطی سے موصول، واپس کرنے سے انکار

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس میں ایک فیکٹری ملازم کو غلطی سے تمام ملازمین کی تنخواہ ایک ساتھ وصول ہو گئی۔ تاہم جب کمپنی نے اس سے واپسی کا مطالبہ کیا تو اس نے انکار کر دیا۔ رپورٹس کے مطابق آنکھوں پر یقین نہیں آیا۔ اس نے 7,112,254 روبل (87,000 ڈالرز) کی رقم کو بونس سمجھا۔ ملازم کے ساتھیوں کے درمیان اگرچہ یہ افواہیں پھیلی ہوئی تھیں کہ ان کی فیکٹری ان کے لیے



یہ واقعہ خانٹی مانسیسک میں پیش ا?یا جہاں ایک فیکٹری نے اپنے ورکر ولادیمیر ریچا گوف پر 7 ملین روبلز (87,000 ڈالرز) واپس کرنے سے انکار پر مقدمہ دائر کیا ہے۔ یہ رقم سافٹ ویئر کی خرابی کی وجہ سے غلطی سے ملازم کو وصول ہو گئی تھی۔ اس سال کے آغاز میں جب اسے اپنی بینکنگ ایپ سے رقم کی اطلاع موصول ہوئی تو ولادیمیر ریچا گوف کو اپنی ایک نفع بخش سال کے بعد 13 ویں تنخواہ تیار کر رہی ہے، لیکن اس نے کبھی بھی اس طرح کی توقع نہیں کی تھی۔ لیکن یہ کروڑ پتی بننے کی اس کی خوشی کچھ ہی دیر کے لیے رہی کیونکہ اسے جلد ہی محکمہ اکاؤنٹنگ سے فون کالز موصول ہونے لگیں کہ اسے غلطی سے 7 ملین روبل منتقل کر دیے گئے ہیں اور اسے واپس کرنا پڑے گا۔

برطانیہ: دنیا کے سب سے وزنی کدو کا ورلڈ ریکارڈ

شکاگو (مانیٹرنگ ڈیسک) گزشتہ 50 برس سے زیادہ عرصے سے کدو اگانے والے دو برطانوی بھائیوں نے 1278 کلوگرام وزنی کدو اگا کر گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔ ہیمپشائر سے حاصل کیا۔ مگل کا نام پانے والے اس پھل نے سائز کے اعتبار سے سب سے بڑے کدو (21 فٹ 3.8 انچز) ہونے کا بھی ریکارڈ قائم کیا۔ اس کا وزن انگلینڈ کے ایک علاقے

تعلق رکھنے جڑواں بھائی آئن اور اسٹورٹ پیٹن کا کہنا تھا کہ انہوں نے اپنی کم عمری میں کدو اگانے شروع کیے تھے اور بالآخر 64 برس کی عمر میں وزنی کدو اگا کر گینیز ورلڈ ریکارڈ رِیڈنگ کے قریب ایک جگہ کیا گیا۔ دونوں بھائیوں کا کہنا تھا کہ مقابلے میں شرکت کے لیے دو گھنٹے کا سفر کرنے کے بعد جب انہوں نے کدو کو سالم پایا تو اطمینان ہوا۔

بجلی کے کھمبے دیوہیکل جانور میں تبدیل

سڈنی (مانیٹرنگ ڈیسک) آسٹریا نے بجلی کے روایتی کھمبوں کو فن، فطرت اور انجینئرنگ کے حسین امتزاج میں ڈھالنے کا انوکھا منصوبہ شروع کیا ہے، جہاں اب اونچے بجلی کے کھمبے دیو قامت پرندوں اور آسٹریا پاور گرڈ (APG) اور میسل آرٹیلیٹس نامی ڈیزائن فرم کے اشتراک سے تیار کیا جا رہا ہے۔ دونوں مجسماتی کھمبے فی الحال آزمائشی مراحل سے گزر رہے ہیں تاکہ ان کی ساختی مضبوطی اور برقی تحفظ کو

جانوروں کی شکل میں نظر آئیں گے۔ آسٹریا نے انفرااسٹرکچر کے شعبے میں تخلیقی انقلاب برپا کرتے ہوئے ''دی آسٹرین پاور جائنٹس'' کے نام سے نیا منصوبہ متعارف کرایا ہے، جس کے تحت بجلی کے کھمبے دیوہیکل جانوروں کے مجسموں کی شکل میں تیار کیے جا رہے ہیں۔ یہ فن اور ٹیکنالوجی کا ایک دلکش امتزاج ہے، جس کا مقصد بجلی کی ترسیل کے نظام کو فطرت سے ہم آہنگ بنانا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ابتدائی طور پر دو مجسماتی کھمبے تیار کیے گئے ہیں، ایک پرندہ ''اسٹارک'' کے روپ میں اور دوسرا بارہ سنگھا ہرن ''سٹیگ'' کی شکل میں۔ ''اسٹارک'' برجن لینڈ کے علاقے میں ہر سال آنے والے مہاجر پرندوں کی علامت ہے، جبکہ ''سٹیگ'' زیریں آسٹریا کے سرسبز پہاڑی جنگلات کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ منصوبہ سے متاثر ڈیزائن ماحول دوست انفرااسٹرکچر کی علامت بنے گا، خطے کی معیشت اور سیاحت کو مضبوط کرے گا اور بجلی کے نیٹ ورک کے پھیلاؤ کے منصوبوں کے لیے عوامی حمایت میں اضافہ کرے گا۔

''آئندہ مرحلے میں منصوبہ سازوں کا ارادہ ہے کہ آسٹریا کی تمام نو ریاستوں برجن لینڈ، کیرنتھیا، زیریں اور بالائی آسٹریا، سالزبرگ، اسٹائریا، ٹائرول، فورآرلبرگ اور ویانا کے لیے الگ الگ جانوروں کے ڈیزائن بنائے جائیں جو ہر علاقے کی ثقافت اور قدرتی شناخت کی عکاسی کریں۔ یہ منفرد خیال اس امید کے ساتھ پیش کیا گیا ہے کہ مستقبل میں بجلی کے یہ ''جانور نما کھمبے'' نہ صرف بجلی کی فراہمی کا ذریعہ ہوں گے بلکہ سیاحتی اور علامتی حیثیت بھی اختیار کر لیں گے۔

اسپین میں ریسٹورنٹس سے کرسیاں چرانے والا گروہ گرفتار

میڈرڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسپین کی پولیس نے ایک ایسے مجرم گروہ کو گرفتار کیا ہے جو ریسٹورنٹس سے گاہکوں کیلیے رکھی گئیں کرسیاں چوری کرتے تھے۔ اسپین کی نیشنل پولیس نے کہا کرسیاں چوری کرنے کے شبہ میں سات افراد کو گرفتار کیا ہے۔ چھ مردوں اور ایک عورت کے گروپ نے اگست اور ستمبر میں میڈرڈ اور دارالحکومت کے جنوب مغربی علاقوں میں واقع

کہ محکمہ نے صرف دو ماہ کے دوران میڈرڈ اور ایک اور قریبی میونسپلٹی میں ریسٹورنٹس اور بارز کے باہر بیٹھنے والی جگہوں سے 1,100 سے زیادہ ایک چھوٹے شہر تلاویرا ڈی لا رینا میں 18 مختلف ریسٹورنٹس سے کرسیاں چوری کرنے کے لیے راتوں کو کام کیا۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	282.50 PKR	282.70 PKR
Euro	EUR	331.65 PKR	335.15 PKR
British Pound	GBP	380.95 PKR	383.95 PKR
UAE Dirham	AED	76.80 PKR	77.80 PKR
Saudi Riyal	SAR	75.55 PKR	76.20 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	913.40 PKR	922.40 PKR
Canadian Dollar	CAD	205.40 PKR	212.40 PKR
Australian Dollar	AUD	185.35 PKR	190.35 PKR
Omani Riyal	OMR	731.25 PKR	738.75 PKR
Japanese Yen	JPY	1.88 PKR	1.98 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.25 PKR	66.85 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.90 PKR	77.60 PKR
Bahrain Dinar	BHD	746.60 PKR	754.10 PKR
Thai Bhat	THB	8.45 PKR	8.60 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.30 PKR	39.70 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	36.20 PKR	36.55 PKR
Danish Krone	DKK	43.60 PKR	44.00 PKR
New Zealand Dollar	NZD	160.30 PKR	162.30 PKR
Singapore Dollar	SGD	216.85 PKR	221.60 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.82 PKR	28.12 PKR
Swedish Krona	SEK	29.69 PKR	29.99 PKR
Swiss Franc	CHF	352.54 PKR	355.29 PKR
Indian Rupee	INR	3.12 PKR	3.21 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 441,700	Rs. 378,690
22k	Rs. 404,884	Rs. 347,130
21k	Rs. 386,484	Rs. 331,355
20k	Rs. 368,174	Rs. 315,657
18k	Rs. 331,271	Rs. 284,018
14k	Rs. 257,665	Rs. 220,911
12k	Rs. 257,665	Rs. 189,345

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Karachi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Lahore	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Islamabad	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Rawalpindi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Peshawar	Rs. 4,397	Rs. 5,124

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 263.02 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 275.42 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.81 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	KEL 5.62 ⌄ -0.46　BOP 37.0 ⌄ -2.21　PIBTL 15.61 ⌄ -0.19　SEARL 112.06 ^ 2.12
KSE ALL SHARE	KEL 5.62 ⌄ -0.46　WTL 1.96 ⌄ -0.13　FCSC 9.0 ⌄ -0.03　BOP 37.0 ⌄ -2.21　TELE 12.6 ⌄
KSE 30	No Data Found. ⌄
KMI30	No Data Found. ⌄
ALL SHARE ISLAMIC	KEL 5.62 ⌄ -0.46　TELE 12.6 ⌄ -0.66　TREET 32.31 ⌄ -1.37　PIBTL 15.61 ⌄ -0.19　SEARL
BATI	BOP 37.0 ⌄ -2.21　BAFL 106.63 ⌄ -3.27　NBP 204.99 ⌄ -4.47　BAHL 188.51 ⌄ -6.32
OGTI	PPL 195.09 ^ 0.62　OGDC 264.27 ⌄ -2.05　MARI 738.64 ⌄ -0.79

بقیہ 1 تجارت نیوز

ہوئے ہدایت دی کہ اس میں ملوث تمام افراد، اداروں اور کمپنیوں کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف کارروائی کی جائے۔ تین ہفتوں میں مکمل ہونے والی یہ تحقیقات قانونی کارروائی کے لیے بنیاد فراہم کرے گی۔ وزیراعظم نے ایف بی آر حکام کو یہ بھی ہدایت دی کہ وہ فراڈ کے اثرات کا سراغ مختلف شعبوں میں لگائیں، جن میں ٹیکسٹائل، تعمیرات اور درآمد و برآمد کا کاروبار شامل ہے، جو اس اسکیم سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔ حکام نے وزیراعظم کو بتایا کہ پرال کا پرانا اور غیر مؤثر ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، جس میں ریئل ٹائم ٹریکنگ اور مضبوط سکیورٹی فیچرز موجود نہیں تھے، اس فراڈ کے تسلسل کا بنیادی سبب بنا۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

سکے۔ ملاقات کے دوران جام کمال خان نے بتایا کہ پاکستان-ایران فری ٹریڈ ایگریمنٹ (ایف ٹی اے) کا متن جو اسلام آباد میں دستخط کیا گیا تھا، اس وقت داخلی جائزے کے مراحل میں ہے اور جلد باضابطہ منظوری کے لیے پیش کرنے کا منصوبہ ہے۔ ایرانی سفیر نے اس پیشرفت کا خیرمقدم کیا اور بتایا کہ کوئٹہ اور زاہدان کے درمیان پروازیں بحال ہو چکی ہیں، جس سے عوامی روابط اور تجارت کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے دوطرفہ تجارت میں پیش رفت کو اجاگر کیا اور یاد دہانی کرائی کہ پہلے کے معاہدوں کے تحت 4 لاکھ ٹن چاول، 3 لاکھ ٹن گوشت، 2 لاکھ ٹن مکئی، اور 50 ہزار ٹن جانوروں کے چارے کی درآمدات طے پائی تھیں۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

کلوگرام سے تجاوز کرنے پر شوگر مل مالکان نے بھاری منافع کمایا، جس کے نتیجے میں حکومت کو 0.75 ملین ٹن چینی بطور اسٹریٹجک ذخیرہ درآمد کرنا پڑی۔ کمیٹی کو یہ مینڈیٹ بھی دیا گیا ہے کہ وہ چینی کے شعبے میں کارٹلائزیشن کی موجودگی اور حد کا جائزہ لے، اور ساتھ ہی سی سی پی اور شوگر ایڈوائزری بورڈ (ایس اے بی) کی کارکردگی کا بھی تجزیہ کرے۔ سی سی پی کے چیئرمین نے بتایا کہ ماضی میں جب بھی چینی کی برآمد کی اجازت دی گئی۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

مملکت کو آنے والے بڑے عالمی ایونٹس کے لیے تربیت یافتہ افراد کی ضرورت ہے۔ ان کے مطابق سعودی عرب کو 2030 ورلڈ ایکسپو اور 2034 فیفا ورلڈ کپ جیسے بڑے مواقع کے لیے اعلیٰ تربیت یافتہ عملے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے وژن 2030 کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستانیوں کے لیے بے شمار مواقع فراہم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستانی سفارت کار اور حکام سعودی حکام سے تفصیلی مذاکرات میں مصروف ہیں۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

31 (ج) میں الفاظ آڈیٹر جنرل آف پاکستان سے مشاورت کے بعد تبدیل کر کے وزارت خزانہ کی سفارش پر کر دیا گیا ہے۔ اس ترمیم کے نتیجے میں اب وزارت خزانہ کو اس ضابطے کے تحت اقدامات کی سفارش کا اختیار حاصل ہو گیا ہے، یعنی مالیاتی فیصلوں کا اختیار اس وزارت کے پاس مرتکز ہو جائے گا جو بجٹ کنٹرول اور مالی پالیسیوں کی ذمہ دار ہے۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

فیصد رہنے کا امکان ہے، کیونکہ حالیہ سیلاب اور عارضی سرحدی بندشوں کے باعث چند ضروری اشیا کی قیمتوں پر دباؤ بڑھا ہے۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

کے 530.724 ارب روپے کے مقابلے میں 39 فیصد زیادہ ہیں۔ بجلی کے بلوں سے ود ہولڈنگ ٹیکس کی مد میں 2024-25 میں 144.371 ارب روپے وصول کیے گئے، جو پچھلے سال کے 129.815 ارب روپے کے مقابلے میں 11.2 فیصد اضافہ ظاہر کرتے ہیں۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

کمپنیوں اور بینکوں کو 16 ارب روپے کے ناجائز ریفنڈز دینے کا الزام تھا۔ جن میں سب سے زیادہ 10 ارب روپے حبیب بینک لمیٹڈ پر لینے کا الزام تھا، جو وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا سابقہ ادارہ ہے۔ ایم سی بی بینک پر ایک ارب 10 کروڑ کے ناجائز ریفنڈ کا الزام تھا۔ اس بینک کے مالک میاں منشا ہیں جو حکمران جماعت کی قیادت کے بہت قریب سمجھے جاتے ہیں۔ دیگر میں اینگرو کارپوریشن پر دو ارب روپے، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک ڈیڑھ ارب، میپل لیف سیمنٹ 70 کروڑ روپے اور ڈی جی خان سیمنٹ پر 50 کروڑ روپے کے ناجائز ریفنڈ زلی بھگت سے لینے کا الزام تھا۔ تاہم ایف آئی اے نے نامزد ملزمان سے پوچھ گچھ یا تحقیقات آگے بڑھائے بغیر ہی اچانک مقدمے کو سی کلاس کرانے کی درخواست دے دی۔ ذرائع کے مطابق یہ اہم ترین مقدمہ چلنے کی صورت میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، حکمران جماعت کی قریبی شخصیت اور ایم سی بی بینک کے مالک میاں منشا سمیت کئی با اثر شخصیات پر قانونی کارروائی کی تلوار لٹک سکتی تھی۔ ذرائع کے مطابق مقدمہ اعلیٰ حکام کی ہدایت پر درج کیا گیا تھا تاہم ممکنہ نتائج کو دیکھتے ہوئے ایف آئی اے کو اعلیٰ ترین سطح سے کیس بند کرنے کی ہدایت دی گئی۔ جس پر ایسا حساس کیس جسے بڑا مالیاتی سکینڈل ظاہر کیا گیا تھا، 24 گھنٹوں کے اندر بند کر دیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق ایف آئی اے کی جانب سے مقدمہ سی کلاس کرنے کی رپورٹ اسپیشل کورٹ سینٹرل ون کی جج ڈاکٹر شبانہ وحید کی عدالت میں جمع کروائی گئی۔ عدالت نے تفتیشی افسر کی جانب سے جمع کرائی گئی مقدمہ سی کلاس کرنے کی رپورٹ منظور کر لی اور تمام نامزد ملزمان کو مقدمے سے بری الذمہ قرار دیتے ہوئے فائل ریکارڈ میں بھیجنے کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے مطابق تفتیشی افسر نے موقف اختیار کیا کہ مقدمہ غلط فہمی کی بنیاد پر درج ہوا تھا اور اس میں کوئی فوجداری پہلو ثابت نہیں ہوتا، لہٰذا اسے سی کلاس میں ڈالا جائے اور ملزمان کے نام خارج کیے جائیں۔ اس سے قبل ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون منتظر مہدی کی اجازت سے ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن سرکل کے نام مراسلہ جاری کیا گیا تھا جس میں مقدمہ منسوخ کرنے یا سی کلاس کرنے کی سفارش کی گئی اور کہا گیا کہ مقدمے میں نامزد شبر زیدی، ایف بی آر حکام اور نجی بینک ملازمین کے نام نکال دیے جائیں۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

جہاز کے ذریعے آیا اور سینرجیکو کے سنگل پوائنٹ مورنگ پورٹ پر لنگر انداز ہوا۔ اگست میں یہ اطلاع دی گئی تھی کہ سینرجیکو رواں ماہ ویٹول سے 10 لاکھ بیرل خام تیل درآمد کرے گا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی پہلی امریکی خام تیل کی کھیپ کی آمد ملک کے توانائی کے شعبے اور سینرجیکو دونوں کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ یہ پہلی شپمنٹ وسط نومبر میں آنے والی دوسری اور جنوری 2026 میں متوقع تیسری کھیپ کے بعد مزید تقویت پائے گی۔ مجموعی طور پر ان تینوں کھیپوں سے پاکستان کے امریکہ کے ساتھ تجارتی توازن میں تقریباً 200 ملین ڈالر کی بہتری متوقع ہے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

نے بتایا کہ سائٹ پلانٹ کمپنی کی مجموعی پیداواری صلاحیت کا 30 فیصد نمائندگی کرتا ہے۔ نوٹس کے مطابق ہم آپ کو مطلع کرنا چاہتے ہیں کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 29 اکتوبر 2025 کو ہونے والے اجلاس میں ان حالات کا جائزہ لیا جن کی وجہ سے کمپنی کے سائٹ رولنگ مل (ایس آر ایم) کی سرگرمیاں معطل کی گئی تھیں، اور یہ مشاہدہ کیا کہ بنیادی معاشی چیلنجز بدستور برقرار ہیں۔ نوٹس میں مزید کہا گیا کہ ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے، بورڈ نے ایس آر ایم کی بندش میں مزید چھ ماہ کی توسیع کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

قانونی تجارت کے خلاف کارروائی کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ یہ بیان جنوبی کوریا کے شہر بوسان میں چینی صدر شی جن پنگ کے ساتھ ملاقات کے بعد دیا گیا، جو 2019 کے بعد دونوں رہنماؤں کی پہلی ملاقات تھی یہ ملاقات ایشیا پیسفک اکنامک کوآپریشن (اپیک) سربراہی اجلاس کے موقع پر ہوئی اور تقریباً دو گھنٹے تک جاری رہی۔ ملاقات کے اختتام پر ٹرمپ نے شی جن پنگ سے مصافحہ کیا، انہیں ان کی گاڑی تک پہنچایا، اور بعد ازاں امریکی صدر کو ایئرپورٹ پر ریڈ کارپٹ الوداعی تقریب دی گئی۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

ریٹرنز میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا جو رضاکارانہ ٹیکس ادائیگی اور ٹیکس دہندگان میں بڑھتی ہوئی آگاہی کا نیا سنگ میل ہے۔ گزشتہ سال کے اسی عرصے میں 50 لاکھ ریٹرنز جمع ہوئے تھے جبکہ اس سال 17.6 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ان میں سے 36 لاکھ ٹیکس دہندگان نے ریٹرنز کے ساتھ ٹیکس بھی جمع کرایا جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 18.6 فیصد زیادہ ہے۔ انفرادی ٹیکس دہندگان نے گزشتہ سال کے مقابلے میں تقریباً 9 ارب روپے اضافی ٹیکس ادا کیا جو 60 ارب روپے سے بڑھ کر 69 ارب روپے ہو گیا، یعنی 15 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ایف بی آر نے شہریوں کے بڑھتے ہوئے تعاون کو سراہا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ دیانتدار ٹیکس دہندگان کو آسان طریقہ کار، ڈیجیٹل سہولتیں اور بروقت رہنمائی کے ذریعے سہولت فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

آئیں گی۔ وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کی نجکاری میں آئندہ ماہ پیش رفت متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری ماحول بہتر بنانے، ٹیکس شرحوں اور بجلی کے نرخ کم کرنے کے حوالے سے مزید اصلاحات کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ برآمدات پر مبنی ترقی ہی معیشت کو پائیدار بنیاد فراہم کر سکتی ہے اور آئی ایم ایف پروگرام پر انحصار ختم کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ بلال اظہر کیانی نے بتایا کہ گزشتہ ڈیڑھ سال میں معیشت میں بہتری کے نمایاں آثار ظاہر ہوئے ہیں۔ مالی سال 2024-25 میں محصولات میں 26 فیصد اضافہ ہوا جبکہ افراط زر 23 فیصد سے گھٹ کر 4.5 فیصد تک آ گئی۔ ایف بی آر کا ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 8.8 فیصد سے بڑھ کر تقریباً 10.3 فیصد تک پہنچ گیا۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

حصص آمدنی (ای پی ایس) گھٹ کر 8.96 روپے فی حصص رہ گئی جو گزشتہ سال اسی عرصے میں 14.74 روپے فی حصص تھی۔ کمپنی نے 30 ستمبر 2025 کو ختم ہونے والی پہلی سہ ماہی کے لیے فی حصص 5 روپے (یعنی 50 فیصد) عبوری نقد منافع (انٹرم کیش ڈیویڈنڈ) کا اعلان کیا۔ مجموعی بنیادوں پر حبکو کی صارفین کے ساتھ معاہدوں سے آمدنی مالی سال 26 کی پہلی سہ ماہی میں 46 فیصد کمی کے ساتھ 17.4 ارب روپے رہی جو پچھلے سال کی اسی مدت میں 32.04 ارب روپے تھی۔ کمپنی کی آمدنی کی لاگت تقریباً 30 فیصد کم ہو کر 9.8 ارب روپے رہی۔ نتیجتاً حبکو کا مجموعی منافع پہلی سہ ماہی میں 58 فیصد کمی کے ساتھ 7.59 ارب روپے رہا۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

صدارت ہونے والے بین الوزارتی اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان، پاکستان آٹوموٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی اے ایم اے) اور پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹوموٹیو پارٹس اینڈ ایکسیسریز مینوفیکچررز (پاپام) کے نمائندگان بھی شریک ہوئے۔ اس سے قبل وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے وزارت تجارت کی جانب سے پیش کی گئی ایک سمری پر غور کیا تھا، جس میں امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 کے ضمیمہ کے تحت ذاتی سامان، منتقلی رہائش اور تحفہ اسکیم کے ذریعے گاڑیوں کی درآمد کے طریقہ کار میں مجوزہ ترامیم شامل تھیں۔ تفصیلی غور و خوض کے بعد ای سی سی نے وزارت تجارت کو ہدایت دی تھی کہ وہ متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مزید مشاورت کے بعد دوبارہ اپنی تجاویز جمع کرائے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

وقفے کے بعد جاری کی جس میں پاکستان میں کام کرنے والی 200 سے زائد غیر ملکی کمپنیوں کی آراء شامل ہیں۔ سروے کے مطابق سرمایہ کاروں نے روپے کی قدر میں استحکام، مہنگائی میں کمی اور مجموعی معاشی صورتحال میں بہتری کو اعتماد کی بحالی کی بنیادی وجوہات قرار دیا۔ سروے میں سرمایہ کاروں نے واضح کیا کہ پاکستان سرمایہ کاری کے لحاظ سے بنگلہ دیش، ویتنام اور فلپائن جیسے ممالک کے مقابلے میں بہتر درجہ رکھتا ہے۔ مزید برآں پاکستان میں کام کرنے والی ملٹی نیشنل کمپنیوں کی پیرنٹ فرمز نے مستقبل میں سرمایہ کاری بڑھانے کا عندیہ بھی دیا ہے، تاہم رپورٹ میں نشاندہی کی گئی کہ نئی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اسٹرکچرل رکاوٹوں کا خاتمہ ناگزیر ہے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

عوامل قرار دیا ہے۔ پاکستان ڈویلپمنٹ اپڈیٹ میں ورلڈ بینک نے کہا ہے کہ 2000 سے برآمدات جی ڈی پی کے تناسب سے مسلسل کم ہوتی جا رہی ہیں جو کہ 1990 کی دہائی میں اوسطاً 16 فیصد سے گر کر 2024 میں صرف تقریباً 10.4 فیصد رہ گئی ہیں۔ اس کے نتیجے میں ملک کی معاشی نمو قرض اور ترسیلات زر پر منحصر ہو گئی ہے جو پاکستان کے بار بار آنے والے بوم-بسٹ دورانیوں کی بنیاد ہے۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

اس فراڈ کی مالی نوعیت حیران کن ہے جبکہ ہر کیس میں تقریباً 1.5 ارب روپے کی چوری شامل تھی، جس سے مجموعی طور پر تقریباً 8 ارب روپے کے محصولات چوری کرنے کی کوشش کی گئی۔ سب سے نمایاں فیصلوں میں سے ایک میں، ٹریبونل کے اسپیشل ڈویژن بنچ، جس میں ممبر (ٹیکنیکل) عبد الواحد مروت اور ممبر (جوڈیشل)/چیئرمین حافظ انصار الحق شامل تھے، نے سینو پاک انٹرپرائزز کی اپیل خارج کر دی اور 829 ملین روپے سے زائد مالیت کی درآمدی اشیاء میں غلط بیانی پر عائد جرمانہ برقرار رکھا۔ کیس سے ظاہر ہوا کہ درآمد کنندہ نے اشیاء کی قیمت محض 1.88 ملین روپے ظاہر کی، جب کہ کسٹمز حکام نے ان کی حقیقی قیمت 60.84 ملین روپے قرار دی، جس سے قومی خزانے کو 828.59 ملین روپے کا نقصان ہوا۔ اسی طرح سادات ٹریڈرز (گلگت) کی جانب سے دائر کردہ چار الگ الگ اپیلوں کو بھی ٹریبونل نے مسترد کر دیا۔ ایک کیس میں ٹریبونل نے 2.1 ارب روپے سے زائد ٹیکس چوری کی کوشش سے متعلق فیصلہ برقرار رکھا۔ درآمدی دستاویزات میں اخروٹ اور اسٹیل فائبر جیسی اشیاء ظاہر کی گئیں لیکن معائنے کے دوران معلوم ہوا کہ ظاہر کردہ مقدار بالکل موجود نہیں تھی۔ ظاہر کردہ مالیت 4.1 ملین روپے تھی، جب کہ اصل قیمت 92.1 ملین روپے نکلی۔ دوسرے کیس میں، جس کی مالیت 1.72 ارب روپے تھی، درآمد کنندہ نے دعویٰ کیا کہ اس کی کنسائنمنٹ میں اخروٹ اور بچوں کی جیکٹس شامل ہیں لیکن معائنے سے معلوم ہوا کہ ظاہر کردہ اشیاء کا صرف ایک چھوٹا حصہ موجود ہے۔ اسی طرح ایک اور کیس میں، جس کی مالیت 1.79 ارب روپے کے قریب تھی، درآمد کنندہ نے 15,000 کلو اخروٹ فی یونٹ قیمت 0.5 امریکی ڈالر ظاہر کیے لیکن اصل میں صرف 1,040 کلو سامان موجود تھا اور اس کی حقیقی قیمت کہیں زیادہ تھی۔ پانچویں کیس میں 1.46 ارب روپے کی ٹیکس چوری کی کوشش پکڑی گئی، جس میں ظاہر کردہ مقدار اور قیمت دونوں غلط ثابت ہوئیں۔ ان تمام کیسز میں ایک واضح پیٹرن سامنے آیا کہ درآمد کنندگان نے اشیاء کی قیمتیں اور تفصیلات جان بوجھ کر کم ظاہر کیں۔ ٹریبونل نے بار بار قرار دیا کہ درآمد کنندگان اپنی ظاہر کردہ قیمتوں کو ثابت کرنے یا کسٹمز کے ٹھوس شواہد کی تردید کرنے میں ناکام رہے۔ اصل فیصلوں میں بھی نرمی برتی گئی تھی، کیونکہ ضبط شدہ اشیاء کو مکمل ضبط کرنے کے بجائے صرف 20 فیصد جرمانہ ادا کر کے رہائی کی اجازت دی گئی تھی، بشرطیکہ تمام واجب الادا ڈیوٹیاں اور ٹیکس ادا کیے جائیں۔ ٹریبونل نے درآمد کنندگان کی یہ درخواستیں بھی مسترد کر دیں کہ انہیں غلط ظاہر کردہ سامان دوبارہ برآمد کرنے کی اجازت دی جائے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ جب ضبطگی اور جرمانے کا قانونی عمل مکمل ہو چکا ہو تو ایسی درخواستیں قانونی طور پر بے بنیاد اور ناقابل قبول ہوتی ہیں۔ ٹریبونل نے کسٹمز ایکٹ، سیلز ٹیکس ایکٹ، اور انکم ٹیکس آرڈیننس کی متعدد دفعات کی خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی اور اپنے فیصلوں میں یہ قرار دیا کہ اصل احکامات ''منصفانہ، قانونی طور پر درست اور حقائق پر مبنی'' ہیں۔ ان فیصلوں نے قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کی منظم کوشش کو ناکام بناتے ہوئے واضح پیغام دیا کہ کسٹمز فراڈ برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

آئی سافٹ ویئر کے ذریعے پیداوار کی مانیٹرنگ نہ کریں۔ اس حوالے سے ایف بی آر نے سیلز ٹیکس جنرل آرڈر (ایس ٹی جی او) نمبر 5 آف 2025 جاری کیا۔ ایف بی آر نے شوگر ملوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ آئندہ کرشنگ سیزن کے آغاز سے قبل ویڈیو گرانی یا ویڈیو اینالیٹکس پر مبنی پروڈکشن مانیٹرنگ آلات خرید کر نصب کریں۔ ایف بی آر نے مزید پابندی عائد کی ہے کہ شوگر ملیں ویڈیو گرانی، ویڈیو اینالیٹکس یا ڈیجیٹل آئی سافٹ ویئر کے ذریعے پیداوار کی مانیٹرنگ کے بغیر اپنے کاروباری مقامات سے چینی کی پیداوار کو کلیئر نہیں کر سکتیں۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

کرنے سے کئی قدیم گاؤں متاثر ہوں گے۔ اطلاعات کے مطابق زمین کی الاٹمنٹ سے متعلق محکمہ لینڈ یوٹیلائزیشن نے منظوری کے لیے سندھ کابینہ کو سمری ارسال کر دی ہے۔ سمری میں زمین کی اصل مالیت سے متعلق پرائس کمیٹیوں کی رپورٹ میں غلط بیانی کی گئی ہے۔ اس ضمن میں باخبر ذرائع نے تجارت نیوز کو بتایا کہ ملیر ایجوکیشن سٹی بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر عاصم حسین کی جانب سے بورڈ آف ریونیو سندھ کو 8 اپریل 2025 کو ارسال کردہ ایک لیٹر میں درخواست کی گئی تھی کہ ملیر ایجوکیشن سٹی کے لیے مزید زمین درکار ہے۔ جس کے بعد بورڈ آف ریونیو کے حکام نے زمین کے دستیاب ہونے یا نہ ہونے سے متعلق ڈپٹی کمشنر ملیر کو لیٹر ارسال کیا۔ جس کے بعد ڈپٹی کمشنر نے 10 ہزار 706 ایکڑ اراضی دستیاب ہونے کی رپورٹ بورڈ آف ریونیو سندھ کی انتظامیہ کو ارسال کی۔ سرکاری زمین سے متعلق تخمینہ لگانے کے لیے قائم ڈسٹرکٹ پرائز اسسمنٹ کمیٹی نے دیہہ کوٹیرو میں 4 ہزار ایکڑ زمین کی مالیت کا تخمینہ 80 ارب 48 کروڑ روپے لگایا ہے۔ جن میں سے اے ون کیٹیگری کی فی ایکڑ زمین کی مالیت 3 کروڑ، فی ایکڑ اے کیٹیگری زمین کی مالیت 2 کروڑ روپے اور بی کیٹیگری زمین کی فی ایکڑ کی مالیت ڈیڑھ کروڑ روپے لگائی گئی ہے۔ اسی طرح دیہہ آبدار میں 3 ہزار 356 ایکڑ زمین کی مالیت کا تخمینہ تقریباً 55 ارب 56 کروڑ روپے لگایا گیا۔ جن میں سے فی ایکڑ اے ون کیٹیگری کی زمین کی مالیت 2 کروڑ روپے، اے کیٹیگری زمین کی مالیت ڈیڑھ کروڑ روپے اور فی ایکڑ بی کیٹیگری کی زمین کی مالیت 1 کروڑ روپے لگائی گئی۔ مذکورہ کمیٹی نے دیہہ چوہڑ میں موجود 1 ہزار 450 ایکڑ زمین کی مالیت سوا 25 ارب روپے لگائی۔ جن میں سے فی ایکڑ اے ون کیٹیگری کی مالیت 2 کروڑ روپے، اے کیٹیگری ڈیڑھ کروڑ اور بی کیٹیگری فی ایکڑ 1 کروڑ روپے، دیہہ جوڑجیبی میں 365 ایکڑ زمین کی مالیت 14 ارب 60 کروڑ روپے، دیہہ ڈانڈو میں واقع 1 ہزار 135 ایکڑ زمین کی مالیت کا تخمینہ 13 ارب 40 کروڑ روپے لگایا۔ ذرائع نے بتایا کہ اس کے بعد جب قیمت مقرر کرنے سے متعلق یہ معاملہ صوبائی سطح کی پرائز اسسمنٹ کمیٹی کے پاس آیا تو صوبائی کمیٹی نے ضلعی کمیٹی کی جانب سے لگائے جانے والے تخمینے میں مزید 20 فیصد اضافہ کر دیا۔ اس طرح ضلعی کمیٹی نے 10 ہزار 706 ایکڑ اراضی کی 187 ارب مالیت کا جو تخمینہ لگایا تھا اس میں صوبائی پرائز اسسمنٹ کمیٹی نے مزید 20 فیصد کے حساب سے تقریباً 37 ارب 47 کروڑ 20 لاکھ روپے کا اضافہ کر دیا۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مذکورہ زمین کی اصل مالیت 224 ارب 83 کروڑ روپے ہے۔ کوڑیوں کے مول زمین حوالے کرنے کی کہانی اس کے بعد شروع ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ لینڈ یوٹیلائزیشن کی انتظامیہ نے ملیر ایجوکیشن سٹی کی جانب سے کی جانے والی درخواست کی روشنی میں سندھ کابینہ کو ایک سمری ارسال کر دی ہے۔ جس میں ڈسٹرکٹ پرائز کمیٹی اور صوبائی پرائز کمیٹی نے زمین کا جو اصل تخمینہ لگایا گیا تھا اس کو ملیامیٹ کر کے سمری میں یہ تحریر کیا گیا ہے ضلعی کمیٹی نے مذکورہ زمین کی مالیت کا کل تخمینہ 7 ارب 9 کروڑ 50 لاکھ روپے لگایا۔ جس میں صوبائی سطح کی پرائز کمیٹی نے 20 فیصد یعنی 1 ارب 41 کروڑ روپے کا اضافہ کر کے مذکورہ زمین کی کل مالیت کا تخمینہ 8 ارب 51 کروڑ 40 لاکھ روپے لگایا ہے۔ اس طرح پرائز اسسمنٹ کمیٹی نے زمین کی مالیت کا جو تخمینہ لگایا ہے اس کے مقابلے میں سمری میں 216 ارب 31 کروڑ 80 لاکھ روپے کم تخمینے کے ساتھ سمری سندھ کابینہ کو ارسال کی گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق ضلع ملیر سے منتخب ہونے والے عوامی نمائندوں نے ملیر ایجوکیشن سٹی کے لیے مزید زمین الاٹ کرنے کی شدید مخالفت کرتے ہوئے سندھ حکومت کو اپنے تحفظات سے آگاہ کر دیا ہے۔ ان کا موقف ہے کہ مذکورہ پروجیکٹ کے لیے جس زمین کی دستیابی ظاہر کی جا رہی ہے اس پر متعدد قدیم گاؤں آباد ہیں اور اس سے گرین بیلٹ بھی شدید متاثر ہو گا کیونکہ اس کی زد میں زرعی زمین بھی آتی ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ ملیر ایجوکیشن سٹی کے لیے حکومت سندھ سن 2006 تقریباً 9 ہزار ایکڑ زمین پہلے ہی الاٹ کر چکی ہے لیکن 19 برس کا طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود مذکورہ پروجیکٹ کے لیے مختص وسیع اراضی کے صرف 10 فیصد حصے پر ہی کام ہو رہا ہے۔ جبکہ 90 فیصد زمین تاحال ویران ہے۔ ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ ڈاکٹر عاصم حسین یہ زمین اپنے لیے نہیں بلکہ ملیر ایجوکیشن سٹی کے لیے حاصل کرنا چاہتے ہیں اور حکومت کو چاہیے کہ تعلیمی شعبے کے لیے رعایتی نرخوں پر زمین فراہم کی جا چکی ہے۔ دیگر غیر جانبدار ذرائع کا کہنا ہے کہ مذکورہ ملیر ایجوکیشن سٹی میں آغا خان یونیورسٹی اور محمد علی جناح یونیورسٹی سمیت کئی نجی اداروں کو پہلے ہی زمین الاٹ ہو چکی ہے۔ اور بیشتر نجی ادارے اپنی مقرر کردہ بھاری فیسیں وصول کرتے ہیں جنہیں اگر 50 فیصد رعایتی نرخوں پر بھی اگر مذکورہ زمین دی جائے تو پھر بھی اس کی کل مالیت 112 ارب روپے سے زائد بنتی ہے۔ دوسری جانب اعلیٰ سرکاری ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ ملیر سے منتخب عوامی نمائندوں کے بعد یہ مشکل ہے کہ سندھ کابینہ تقریباً 225 ارب روپے مالیت کی قیمتی زمین صرف 8 ارب 50 کروڑ روپے میں دینے کی منظوری دے۔ تاہم سرکاری زمینوں کی الاٹمنٹ سے متعلق ماضی کے ریکارڈ کو دیکھا جائے تو ایسا کیا جانا مشکل بھی نہیں ہے۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

پر انحصار کم کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق کمپنی نے اپنے کارپوریٹ بریفنگ سیشن کے دوران شیئرز کی، جس میں بروکریج ہاؤس ٹاپ لائن سیکیورٹیز کے نمائندے بھی موجود تھے۔ رپورٹ کے مطابق ایف ایف سی کی انتظامیہ نے کہا کہ منصوبہ ابتدائی مراحل میں ہے اور اس کے لیے ابھی کوئی تخمینہ نہیں لگایا گیا تاہم کسی بھی اہم پیش رفت کے بعد اپ ڈیٹس جاری کی جائیں گی۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

نے کی جس میں وفاقی وزیر خوراک رانا تنویر حسین، وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان، متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام اور نجی شعبے کے نمائندگان نے شرکت کی۔ جام کمال خان نے کہا کہ حکومت پاکستان کی گوشت کی برآمدات کی بنیاد کو مضبوط کرنے اور اعلیٰ قدر والی بین الاقوامی مارکیٹس تک رسائی حاصل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے کمیٹی کو یہ ہدایت دی ہے کہ وہ ایک جامع پالیسی تیار کرے جو گوشت اور مویشیوں کے شعبوں میں قلیل مدتی برآمدی چیلنجز اور طویل مدتی اصلاحات دونوں کا احاطہ کرے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

زبردست اضافہ ہے۔ یہ اعداد و شمار کمپنی کی جانب سے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو بھیجے گئے کنسولیڈیٹڈ مالیاتی بیان میں جاری کیے گئے۔ گزشتہ سال اسی عرصے میں کمپنی نے 1.85 ارب روپے کا منافع ریکارڈ کیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق، پی ایس او کی فی حصص آمدنی (ای پی ایس) بھی نمایاں طور پر بڑھ کر 22.43 روپے ہو گئی جو گزشتہ سال اسی عرصے میں 6.07 روپے تھی۔ اس دوران کمپنی کی آمدنی 7 فیصد کمی کے ساتھ 771.9 ارب روپے رہی، جو گزشتہ سال 827.2 ارب روپے تھی۔ تاہم کمپنی کی مصنوعات کی لاگت 8 فیصد کم ہو کر 738.2 ارب روپے پر آ گئی۔ یوں 2025-26 کی پہلی سہ ماہی میں پی ایس او کا مجموعی منافع 33.73 ارب روپے رہا، جو گزشتہ سال اسی مدت میں 24.83 ارب روپے تھا۔ کمپنی کی دیگر آمدنی 4.96 ارب روپے پر تقریباً مستحکم رہی۔ آپریٹنگ اخراجات 8.65 ارب روپے تک محدود رہے، جو گزشتہ سال 9.43 ارب روپے تھے۔ پی ایس او کے مالیاتی اخراجات میں بھی 38 فیصد سے زائد کمی ہوئی، جو 6.94 ارب روپے رہے۔ نتیجتاً، آپریٹنگ منافع 23.04 ارب روپے رہا جو گزشتہ سال کے 9.39 ارب روپے کے مقابلے میں 145 فیصد سے زیادہ اضافہ ہے۔ کمپنی کا ٹیکس سے قبل منافع 20.43 ارب روپے رہا، جو گزشتہ سال کی 5.3 ارب روپے کے مقابلے میں 285 فیصد زیادہ ہے، جبکہ اس دوران 9.26 ارب روپے کے ٹیکس ادا کیے گئے۔ پی ایس او پاکستان کی سب سے بڑی آئل مارکیٹنگ کمپنی ہے، جو اس شعبے میں سب سے زیادہ مارکیٹ شیئر رکھتی ہے۔ کمپنی پیٹرول، ڈیزل، فرنس آئل، جیٹ فیول، کیروسین، سی این جی، ایل پی جی، پیٹروکیمیکلز اور لبریکنٹس سمیت مختلف پیٹرولیم مصنوعات کی مارکیٹنگ اور تقسیم میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ مزید برآں، پی ایس او موگاس، ہائی اسپیڈ ڈیزل، جیٹ فیول (جے پی-ون) اور فرنس آئل جیسی کلیدی مصنوعات درآمد کرتی ہے تاکہ ملکی طلب کو پورا کیا جا سکے، جسے ملک کے سب سے وسیع تقسیمی نیٹ ورک کی مدد حاصل ہے۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

کے مطابق نئی چھانٹی انسانی وسائل، آپریشنز، ڈیوائسز اینڈ سروسز، اور ایمیزون ویب سروسز سمیت کئی شعبوں میں متوقع ہے۔ متاثرہ ٹیموں کے مینیجرز کو ملازمین کو نوٹیفکیشن دینے سے قبل کمیونیکیشن ٹریننگ دی گئی ہے۔ ایمیزون کے سی ای او اینڈی جیسی نے انتظامی سطح پر غیر ضروری بیوروکریسی کم کرنے کی مہم شروع کر رکھی ہے، جس میں منیجرز کی تعداد گھٹانا بھی شامل ہے۔ ان کے مطابق مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے بڑھتے استعمال سے بار بار دہرائے جانے والے کام خودکار ہو رہے ہیں، جس سے مستقبل میں مزید ملازمتوں میں کمی کا امکان ہے۔ ای مارکیٹر کی تجزیہ کار اسکائی کینیو نے کہا کہ ایمیزون میں اے آئی سے حاصل ہونے والی پیداواری صلاحیت میں اضافے کے نتیجے میں کمپنی اب کارپوریٹ سطح پر افرادی قوت میں کمی کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ہیومن ریسورسز ڈویژن میں تقریباً 15 فیصد کٹوتی ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، دفتر سے کام کرنے کی پالیسی کے باوجود کم حاضری والے ملازمین کو رضاکارانہ استعفیٰ دینے والا تصور کر کے برخاست کیا جا رہا ہے۔ ایمیزون کے حصص پیر کو 1.2 فیصد بڑھ کر 226.97 ڈالر پر بند ہوئے۔ کمپنی جمعرات کو اپنی تیسری سہ ماہی کے مالی نتائج جاری کرے گی۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

سے تجارت نیوز کو معلوم ہوا ہے کہ یہ کمی ایک ایسے وقت میں ہوئی ہے جب انٹیلیجنس ایجنسیوں اور ایف آئی اے نے سونے کے غیر قانونی بلین سٹہ نیٹ ورک کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن شروع کرنے کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق کراچی سے چلنے والے 13 واٹس ایپ گروپوں نے گزشتہ دو برسوں سے ملکی صرافہ مارکیٹ کو ڈیجیٹل جوئے خانے میں تبدیل کر رکھا تھا۔ جہاں روزانہ اربوں روپے کا غیر دستاویزی سٹہ ہوتا رہا۔ اطلاعات کے مطابق ملک بھر میں سونے کی قیمت میں اچانک بڑی کمی ریکارڈ کی گئی، جب 28 اکتوبر بروز منگل سونا فی تولہ 14 ہزار روپے سستا ہوا۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن ذرائع کے مطابق ملک میں فی تولہ سونا 14 ہزار روپے کی کمی کے بعد 4 لاکھ 16 ہزار 362 روپے ہو گیا تھا۔ اسی طرح 10 گرام سونے کا بھاؤ 12 ہزار 3 روپے کم ہو کر 3 لاکھ 56 ہزار 963 روپے ہو گیا۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 140 ڈالر کم ہو کر 3940 ڈالر فی اونس ہو گئی۔ منگل کے روز قیمت میں ریکارڈ کمی کے بعد اگلے ہی روز یعنی بدھ کو سونے کی قیمت میں 3 ہزار 500 روپے کے اضافے سے فی تولہ قیمت 4 لاکھ 19 ہزار 862 روپے ہو گئی۔ جمعرات کے بین الاقوامی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں 1 ہزار روپے کی کمی سے فی تولہ 4 لاکھ 18 ہزار 862 روپے جبکہ دس گرام سونے کی قیمت 857 روپے کی کمی سے 3 لاکھ 59 ہزار 106 روپے ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق انٹیلی جنس اداروں نے اپنی رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ گزشتہ کئی برسوں سے کراچی سے چلنے والے سٹے کے 13 واٹس ایپ گروپوں نے منظم انداز میں ملک کی صرافہ مارکیٹوں کو جوئے خانہ بنا کر رکھا ہے۔ اور بے لگام بلین کھیلنے والے سینکڑوں افراد اربوں روپے بٹور گئے جبکہ چھوٹے چھوٹے سینکڑوں تاجروں کو لاکھوں اور کروڑوں روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑا۔ اس غیر دستاویزی دھندے میں ملوث بڑے مگرمچھوں کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں نے گھیرا تنگ کرنا شروع کر دیا ہے اور اب تک ایف آئی اے اور انٹیلیجنس ایجنسی نے بلین مارکیٹ کے سینکڑوں سٹوریوں کے مکمل کوائف و معلومات حاصل کر کے ابتدائی فہرستیں مرتب کیں۔ جن کے بینک اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشنز، اثاثوں کی تفصیلات، کاروبار کے اصل دستاویزی حجم اور دیگر شعبہ جات میں سرمایہ کاری کی تفصیلات بھی حاصل کر لی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اسٹیٹ بینک، ایف بی آر اور سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن کے ساتھ مل کر سونے پر سٹہ کھیلنے والے عناصر کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ جس کے لیے دھندے میں ملوث افراد کی فہرستیں مرتب کرنے کا کام کیا جا رہا ہے۔ انٹیلیجنس ایجنسی کی جانب سے فہرست مکمل کیے جانے کے بعد ایف آئی اے کے حوالے کر دی جائے گی اور وفاقی وزیر خزانہ ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کو ملک گیر کارروائیوں کی ہدایت جاری کریں گے۔ صرافہ مارکیٹ ذرائع کے مطابق یہ سٹہ بلین کہلاتا ہے، بلین انگریزی زبان میں سونے اور چاندی کی اس خام حالت کو کہتے ہیں جسے بعد ازاں تراش کر زیورات یا دیگر مصنوعات تیار کی جاتی ہیں۔ یہ بڑے ٹکڑوں، بلاکس اور بسکٹس کی صورت میں بھی ہو سکتا ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ سونے پر سٹہ دنیا بھر کے ممالک میں شوقین اور تجربہ کار تاجر کھیلتے ہیں لیکن اس میں ملکی قوانین، متعلقہ اداروں کے قواعد و ضوابط کا خیال رکھے جانے کے علاوہ منی لانڈرنگ یا حوالہ ہنڈی جیسے جرائم کی آمیزش سے بچنے کا بھی دھیان رکھا جاتا ہے جبکہ اس میں بلین کھیلنے والوں کو ہونے والا منافع یا نقصان بھی دستاویزی یعنی آن ریکارڈ ہوتا ہے جس کی تمام تفصیلات حکومتوں کے مالیاتی لین دین اور کاروبار کے مانیٹرنگ کے اداروں کے پاس موجود ہوتی ہیں۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق ماضی میں کراچی کی مرکزی صرافہ مارکیٹ کھارادر میں شوقین تاجر بلین کھیلتے تھے۔ جس کے لیے باقاعدہ طے شدہ قوائد و ضوابط موجود تھے۔ اس کھیل میں اکثریت کا تعلق میمن برادری سے ہوتا ہے جبکہ صرافہ بازار کے مرکز میں موجود ایک چھوٹے سے چوک پر جمع ہو جانے والے تاجروں کو سونے کی عالمی منڈی میں قیمتوں کے ہونے والے اتار، چڑھاؤ سے آگاہ رکھنے کے لیے کمپیوٹر سے منسلک اسکرینیں نصب ہوا کرتی تھی۔ جس میں دبئی سے موصول ہونے والے تازہ ترین اپڈیٹس کی روشنی میں بلین کھیلنے والے سونے کے تاجر سونے کی خرید و فروخت کرتے تھے۔ ذرائع کے مطابق اس کھیل میں صرافہ بازار ایسوسی ایشن کے عہدیدار از خود بھی شریک ہوا کرتے تھے۔ جس کو قواعد و ضوابط کے تحت یہ سٹہ ہفتے میں ایک دن صبح نو بجے سے شام پانچ بجے تک کھیلا جاتا تھا۔ جس سے مقامی مارکیٹ میں سونے کے اتار چڑھاؤ پر زیادہ سے زیادہ دو سو سڈھائی سو کا فرق ہفتہ وار پڑتا تھا۔ اس اسکینڈل کے پس منظر کے حوالے سے ذرائع کے بقول سٹہ یعنی بلین میں 2020 میں کئی گنا تیزی آئی اور یہ ہر طرح کے قواعد و ضوابط سے بے لگام ہو گیا حتیٰ کہ اس کو ہفتے کے سات دن، 24 گھنٹے کھیلا جانے لگا۔ جس کے لیے ابتدا میں بعض لالچی تاجروں نے واٹس ایپ گروپس تشکیل دیے اور اپنے ایجنٹوں کو استعمال کر کے سونے کی مارکیٹ میں مصنوعی دباؤ پیدا کرنا شروع کیا۔ بعد ازاں اس میں دیگر تاجر بھی شامل ہوئے اور اب صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ اب تک سامنے آنے والے 13 واٹس ایپ گروپوں میں تین ہزار سے زائد ایسے افراد شامل ہیں جو سٹہ بازی میں حصہ لے رہے ہیں۔ ان میں سے سینکڑوں کو نقصان بھی ہو چکا ہے تاہم وہ بڑے مگرمچھوں سے نقصان اٹھانے کے بعد مقامی مارکیٹ میں سونے کا لین دین کرنے والے عام شہریوں سے اپنا نقصان پورا کر لیتے ہیں۔ بلین سٹے کے ملک میں سونے کی صنعت اور قیمتوں پر کیا اثرات رونما ہوئے، اس کا اندازہ مذکورہ اعداد و شمار سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس وقت سونے کی فی تولہ قیمت چار لاکھ 10 ہزار کے اطراف گھوم رہی ہے جبکہ صرف پانچ برس قبل یعنی ستمبر 2019 میں فی تولے سونے کا ریٹ 80 ہزار روپے کے گرد گردش کر رہا تھا جولائی 2020 سے اچانک غیر معمولی اتار چڑھاؤ آنے لگا اور روزانہ کی بنیاد پر فی تولہ سونے کی قیمتوں میں ایک سے دو ہزار روپے کی کمی بیشی کے بجائے یکدم 5 سے 10 ہزار روپے کا فرق دیکھا جانے لگا۔ اور اس میں وقت گزرنے کے ساتھ شدت آتی گئی۔ جس کا اندازہ ان اعداد و شمار سے لگایا جا سکتا ہے کہ 2019 سے پہلے کے پانچ برسوں یعنی 2013 سے 2019 تک سونے کی قیمتوں میں معمولی اتار چڑھاؤ کے ساتھ صرف 30 ہزار روپے فی تولہ کا اضافہ دیکھنے میں آیا کیونکہ 2013 میں یہ قیمتیں 50 ہزار روپے فی تولہ کے آس پاس تھیں اور 2019 میں یہ قیمتیں 80 ہزار روپے فی تولہ کے گرد گھوم رہی تھیں۔ ڈیجیٹل سٹے بازی کے نتیجے میں جب بلین کا جوا بے لگام ہوا تو 2019 سے 2025 تک کے حالیہ پانچ برسوں میں سونے کی قیمتوں میں شدت کے ساتھ اتار چڑھاؤ کے ساتھ فی تولہ قیمت میں تین لاکھ روپے کا حیرت انگیز اور سنگین اضافہ دیکھنے میں آیا۔ ذرائع کے بقول افسوسناک صورتحال یہ ہے کہ اسٹیٹ بینک نے کبھی ریگولیٹری اتھارٹی ہونے کا دعویٰ کیا اور نہ ہی اس حوالے سے عملی اقدام اٹھایا۔ جبکہ صرافہ ایسوسی ایشن خود مختار ادارے کی حیثیت سے سونے کی خرید و فروخت کے ریٹ مقرر کرتی رہی۔ تاہم بدقسمتی سے جب اس سٹہ بازی میں اضافہ ہوا تو صرافہ ایسوسی ایشن کے تمام عہدیداران مکمل طور پر آگاہ ہونے کے باوجود خاموش رہے۔ اور اس کا سارا نقصان پاکستانی معیشت اور اس کے غریب عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

شدہ مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ ایس پی ایل نے بعد از ٹیکس منافع 288.48 ملین روپے حاصل کیا جبکہ فی حصص آمدنی 4.87 روپے فی شیئر رہی۔ مالی سال 2025/26 کی پہلی سہ ماہی کے دوران خالص فروخت 1,843 ملین روپے رہی، جبکہ فروخت کی لاگت 1,369 ملین روپے رہی اور اس طرح ایس پی ایل کا قبل از ٹیکس منافع 478.42 ملین روپے رہا۔ ایس پی ایل کے چیئرمین محمد آفتاب منظور نے کہا کہ ہم اس مالی سال کے مستحکم آغاز پر خوش ہیں جو ایس پی ایل کی مضبوطی اور مسلسل ا?پریشنل نظم و ضبط کی عکاسی کرتا ہے۔ ہماری توجہ مسلسل کارکردگی میں بہتری، تکنیکی ترقی اور معیار میں اضافہ پر مرکوز ہے، جس نے پائیدار ترقی کے لیے ایس پی ایل کی بنیاد کو مزید مضبوط کیا ہے۔ ا?ئندہ بھی ہم اپنے شیئر ہولڈرز کے لیے مستقل قدر پیدا کرنے اور ایس پی ایل کی معتبر صنعتی حیثیت کو برقرار رکھنے پر توجہ مرکوز رکھیں گے۔'' سیکیورٹی پیپرز لمیٹڈ اپنی ترقی کے تسلسل کے لیے پرعزم ہے، اور مارکیٹ کی ضروریات کے ساتھ ہم ا?ہنگ رہتے ہوئے ا?پریشنل کارکردگی کو مزید بہتر بنانے پر توجہ دے رہا ہے تاکہ اپنے شیئر ہولڈرز کو طویل المدتی قدر فراہم کر سکے۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

اگلے 15 روز تک ہو گا۔ اعلامیے کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر دو روپے 43 پیسے اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے بعد پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 265 روپے 45 پیسے ہو گئی ہے۔ پیٹرول کی فی لیٹر قیمت اس سے قبل 263 روپے دو پیسے مقرر تھی۔ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 3 روپے 2 پیسے کا اضافہ کر کے 278 روپے 44 پیسے فی لیٹر مقرر کر دی گئی ہے جبکہ گزشتہ 15 روز کے لیے 275 روپے 42 پیسے فی لیٹر تھی۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

مجموعی تعداد 51,905 رہی۔ سب سے زیادہ سودے سونے کے ہوئے جن کی مالیت 27.439 بلین روپے رہی۔ اس کے بعد کوٹس کے سودوں کی مالیت 5.723 بلین روپے، چاندی کے سودوں کی مالیت 4.682 بلین روپے، این ایس ڈی کیو 100 کے سودوں کی مالیت 3.230 بلین روپے، پلاٹینم کے سودوں کی مالیت 1.194 بلین روپے، خام تیل کے سودوں کی مالیت 745.688 ملین روپے، قدرتی گیس کے سودوں کی مالیت 488.284 ملین روپے، ڈی جے کے سودوں کی مالیت 416.495 ملین روپے، ایس پی 500 کے سودوں کی مالیت 406.984 ملین روپے، جاپان ایکوئٹی 225 کے سودوں کی مالیت 303.969 ملین روپے، پیلیڈیم کے سودوں کی مالیت 364.532 ملین روپے، کاپر کے سودوں کی مالیت 253.884 ملین روپے، ایلومینیم کے سودوں کی مالیت 134.219 ملین روپے اور برینٹ کے سودوں کی مالیت 21.168 ملین روپے رہی۔ ایگریکلچرل کموڈیٹیز میں 57 لاٹس کے سودے ہوئے جن کی مالیت 352.491 ملین روپے رہی۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

ایف) پر مبنی ملبوسات کی صنعت کو فروغ دیا جا سکے جس میں خواتین اور بچوں کے کپڑے، اسپورٹس ویئر، پرفارمنس ویئر، اور دیگر اعلیٰ قدر کی تیار شدہ مصنوعات شامل ہیں۔ کپاس میں ویلیو ایڈیشن اور مصنوعات کی تنوع کے ذریعے خام مال کی درآمدات پر انحصار کم کرنے کے حوالے سے اپنی سفارشات میں وزارت تجارت نے ہائیلائٹ کیا ہے کہ ملکی پیداوار کے لیے پولی مائیڈ، پولی اولیفن، پولی ایتھیلین اور پولی یوریتھین جیسے مصنوعی اور سنتھیٹک مواد کی تیاری میں غیر ملکی اور مقامی سرمایہ کاری کو متوجہ کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

2025 ایف بی آر نے انکم ٹیکس ریٹرنز کے ساتھ 135 ارب روپے کے ٹیکس وصول کیے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 127 ارب روپے کے مقابلے میں 8 ارب روپے زیادہ ہیں۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ مالی سال 2025 کی ابتدائی چار ماہ کے دوران 34 فیصد ٹیکس دہندگان نے زیرو ریٹرنز (یعنی بغیر کسی آمدن کے گوشوارے) جمع کرائے۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

اور محبت سے بھرپور ہے۔ وہ پہلی بار اپنے اسسٹنٹس کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ اپنے فن کے بارے میں انہوں نے بتایا کہ وہ علامتی انداز میں کام کرتی ہیں، ان کی پینٹنگ میں وائی کنگ کشتی، ریچھ کے بچے، بچہ اور آنکھیں شامل ہیں جو طاقت، حفاظت اور زندگی کی ابتدا کی علامت ہیں۔ ڈومی نے پاکستانی کھانوں کی بھی تعریف کی، خاص طور پر پالک پنیر کی اور ہنستے ہوئے کہا کہ میں نے اسے سویڈن اور بھارت میں نہیں کھایا ہے، مگر یہاں یہ زیادہ مزیدار اور مصالحے دار ہے۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

کا شکار ہے۔ ستمبر 2025 میں اس کی برآمدات سالانہ بنیادوں پر 2 فیصد کمی کے ساتھ 1.58 ارب ڈالر رہ گئیں۔ یہ منفی رجحان ملک کے کرنٹ اکاؤنٹ میں بھی نظر آیا جس میں مالی سال 2026 کی پہلی سہ ماہی کے دوران 594 ملین ڈالر کا خسارہ ریکارڈ کیا گیا۔ ریکارڈ کیا گیا۔ یہ خسارہ درآمدات میں اضافے کے باعث پیدا ہوا جو برآمدات اور ترسیلات زر کی رفتار سے زیادہ رہا، جس سے فوری اصلاحی اقدامات کی ضرورت اجاگر ہوتی ہے۔ کونسل نے برآمدی زوال کو روکنے اور عالمی منڈیوں میں پاکستان کا حصہ بحال کرنے کے لیے چند اہم تجاویز دی ہیں: (i) ایکسپورٹ فسیلیٹیشن اسکیم (ای ایف ایس) کے تحت خودکار ریفنڈز اور ان پٹس کی زیرو ریٹنگ کے ذریعے لیکویڈیٹی اور ٹیکس مسائل کا خاتمہ؛ (ii) اجرت اور مزدور پالیسیوں کو علاقائی حریف ممالک کے مطابق ہم آہنگ کر کے لاگت میں مسابقت بحال کرنا؛ (iii) اسپننگ اور ویونگ سیکٹر کی بحالی کے لیے کاروباری لاگت میں کمی اور کپاس کے معیار میں بہتری کے ذریعے ڈھانچہ جاتی مدد فراہم کرنا؛ (iv) ایکسیم بینک کو مضبوط بنا کر اور ای ایف ایس اور ایل ٹی ایف ایف کی حدود میں توسیع کر کے فنانسنگ تک رسائی بہتر بنانا تاکہ جدت اور ماحول دوست سرمایہ کاری کو فروغ دیا جا سکے۔ کونسل نے زور دیا کہ ان اقدامات پر عمل درآمد برآمدی مسابقت کی بحالی، بیرونی کھاتوں کے استحکام اور پائیدار معاشی نمو کے حصول کے لیے ناگزیر ہے۔ حال ہی میں وزیراعظم کی زیر صدارت کاروباری برادری کو درپیش مسائل پر ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں متعلقہ حکام اور صنعت کاروں نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد وزیراعظم نے مختلف پینلز تشکیل دیے تاکہ سفارشات تیار کی جا سکیں۔ تاہم، رپورٹ کے مطابق ان پینلز میں آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) کا کوئی نمایاں نمائندہ شامل نہیں کیا گیا

بقیہ 33 تجارت نیوز

اضافے اور امپورٹ بل میں کمی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ کیمیکل انڈسٹری کو خصوصی ترجیح دے اور اسے جدید خطوط پر استوار کرے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین پی سی ایم اے ہارون علی خان اور دیگر عہدیداران لاہور چیمبر ا?ف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے دوران کہیں۔ صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا، جبکہ سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ، نائب صدر خرم لودھی، ایگزیکٹو کمیٹی ممبر رانا نثار، معظم رشید، نعیم حنیف، انس محمود، محمد احمد اور دیگر بھی موجود تھے۔ ہارون علی خان نے کہا کہ مینوفیکچررز کو بیک وقت ای او بی ا?ئی، سول ڈیفنس، پیرا، ڈینگی، ماحولیات، لیبر اور کئی دیگر محکموں کی طرف سے نگرانی اور کارروائیوں کا سامنا رہتا ہے جو کاروبار کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہیں۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

توانائی اویس احمد خان لغاری اور وزیر مملکت عبد الرحمٰن خان کانجو کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اسے ملکی معیشت کی بحالی اور ترقی کی جانب تاریخی و انقلابی قدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ صنعتوں کے لیے بجلی سستی کرنا حکومت کا احسن اقدام ہے کیونکہ اس سے صنعتی لاگت میں کمی آئے گی، برآمدات کو فروغ ملے گا اور روزگار کے مواقع بڑھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو اے پی پی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے صنعتی وزرعی صارفین کے لیے تین سال تک اضافی بجلی 22.98 روپے فی یونٹ کے روایتی ٹیرف پر فراہم کرنے کے فیصلے کو خوش ا?ئند قرار دیا ہے جو نہ صرف ملکی صنعت و زراعت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے گا بلکہ برآمدات کے فروغ، روزگار کے مواقع میں اضافے اور ملکی معاشی استحکام کا بھی باعث بنے گا۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

کی۔ تقریب میں قیصر احمد شیخ نے کہا کہ چین کے خلا بازوں کے حالیہ خلائی مشن پاکستان کے لیے سائنسی ترقی اور جدید ٹیکنالوجی کے نئے وژن کے دروازے کھول رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے معاشی استحکام اولین ترجیح ہے اور چین کے ساتھ ہائی ٹیک سیکٹر میں اشتراک کو مزید مضبوط بنانے کا عزم رکھتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان میں مختلف شعبوں میں چین سے سیکھنے کے مواقع سے نہ صرف سائنسی بلکہ معاشی ترقی کے بھی نئے راستے کھلیں گے۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

ایشن کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات میں نئے باب کا ا?غاز ہوا ہے اور بیس سال بعد مشترکہ اقتصادی کمیشن کا اجلاس خوش ا?ئند ہے۔ انہوں نے بنگلہ دیش کی مہمان نوازی پر بھی شکریہ ادا کیا۔ ملاقاتوں میں علی پرویز ملک نے بنگلہ دیش کے مشیر برائے امور خارجہ محمد توحید حسین، مشیر برائے تجارت، ٹیکسٹائل، سول ایوی ایشن اور سیاحت شیخ بشیر الدین، اور مشیر برائے توانائی و معدنی وسائل محمد فوزل کبیر خان سے بھی تفصیلی بات چیت کی۔ بنگلہ دیشی حکام نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان براہ راست پروازوں کی بحالی کو اہم قرار دیا۔ وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعاون اور توانائی کے شعبے میں مزید تعلقات مضبوط بنانے کے وسیع مواقع موجود ہیں اور پاکستان اس حوالے سے ہر ممکن تعاون کا خواہاں ہے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری کردہ بیان کے مطابق جام کمال خان نے بیٹا کے وفد کا خیرمقدم کیا اور پاکستان کی ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن میں تعاون پر بیٹا کے شراکتی کردار کو سراہا۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت جنوبی ایشیا میں تیزی سے ترقی کرنے والی معیشتوں میں سے ایک ہے جو نوجوان آبادی، بڑھتی ہوئی کنکٹیوٹی اور مضبوط آئی ٹی ٹیلنٹ بیس کی بدولت فروغ پا رہی ہے جہاں ہر سال 75 ہزار سے زائد گریجویٹس تیار ہوتے ہیں۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

ٹیم پاکستان سول ایوی ایشن اور ملکی ایئر لائنز کے طیاروں کی مینٹیننس، فلائٹ سیفٹی اور آپریشنل معیار کا تفصیلی جائزہ لے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آڈٹ کے دوران امریکی ماہرین ان طیاروں کا بھی معائنہ کریں گے جو مستقبل میں پاکستان سے امریکا کے لیے براہ راست پروازوں میں استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ ستمبر میں امریکی ایوی ایشن اتھارٹی کی ٹیم نے سی اے اے اور پاکستانی ایئر لائنز کے طیاروں کا ابتدائی آڈٹ کیا تھا۔ جنوری میں ہونے والا نیا آڈٹ کامیاب ہونے کی صورت میں پاکستانی ایئر لائنز کی امریکا کے لیے براہ راست پروازوں کی بحالی کا راستہ ہموار ہو جائے گا۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

80 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی جبکہ ڈرلنگ کے دوران سرمایہ کاری ایک ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے۔ حکام نے بتایا کہ انڈس اور مکران بیسن میں بیک وقت ایکسپلوریشن کی حکمت عملی کامیاب رہی جو اپ اسٹریم سیکٹر میں سرمایہ کاروں کے اعتماد کا مظہر ہے۔ اس حوالے سے مزید بتایا گیا کہ کامیاب بولی دہندگان میں او جی ڈی سی ایل، پی پی ایل، ماڑی انرجیز، پرائم انرجی، ترکیہ پیٹرولیم، یونائیٹڈ انرجی، اورینٹ پیٹرولیم اور فاطمہ پیٹرولیم شامل ہیں۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

باوجود بینک نے بہترین کارکردگی دکھائی۔ آپریٹنگ منافع 28.52 ارب روپے تک پہنچ گیا، جو پچھلے سال کے مقابلے میں 156 فیصد اضافہ ہے۔ نیٹ انٹرسٹ انکم میں 91 فیصد اضافہ ہو کر یہ 58.46 ارب روپے ہو گئی۔ فیس اور کمیشن انکم میں بھی 31 فیصد اضافہ ہوا، جو مختلف کاروباری شعبوں، ریٹیل، کارپوریٹ اور اسلامی بینکاری میں مضبوط تعلقات اور ا?مدنی کے نئے ذرائع کی وجہ سے ممکن ہوا۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

کہا کہ پنجاب کے صنعتی مراکز میں برسوں سے جاری پراپرٹی کا روبار بند کروا دیا اب یہاں صرف انڈسٹری لگ رہی ہے جس سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی کے مطابق انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتی یونٹس نہ لگانے والوں کے 90 فیصد پلاٹ کینسل کر دیے گئے ہیں جبکہ پالیسی کے مطابق صنعتی یونٹس نہ لگانے والے باقی لوگوں کے پلاٹ بھی کینسل ہوں گے۔ کسی کو بھی پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس کے غلط استعمال کی اجازت نہیں دیں گے۔ صوبائی وزیر نے لاہور چیمبر میں بزنس فسیلیٹیشن سنٹر کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے سیکرٹری انڈسٹری کو لاہور چیمبر میں پی ایف سی کے قیام کے لئے ورکنگ شروع کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پہلی بار دو موبائل فون کی مینوفیکچرنگ شروع ہونے جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتی یونٹس لگانے کیلیے پلاٹوں کی قیمتوں میں کمی کی جا رہی ہے اب پلاٹس 30 سال کی لیز پر بھی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

کی استعداد کار میں اضافے کے لیے باہمی تعاون کے امکانات کا جائزہ لینا تھا، ملاقات میں، تکنیکی ترقی اور صنعتی استعداد کار بڑھانے سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سی ای او کے ٹی ڈی ایم سی منصور احمد نے وفد کو مختلف شعبہ جات، مشینری، اور جاری منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ کے ٹی ڈی ایم سی جدید ٹول، ڈائز اور مولڈ ڈویلپمنٹ کے ساتھ ساتھ مقامی صنعت کے لیے تربیت یافتہ افرادی قوت کی تیاری پر بھی خصوصی توجہ دے رہا ہے تاکہ پاکستان میں پلاسٹک اور انجینئرنگ صنعت کو خودکفیل بنایا جا سکے اور درا?مدی انحصار کم ہو اور مقامی صنعت عالمی معیار کی مسابقت حاصل کر سکے۔'' پی پی ایم اے کے نمائندوں نے ان کے تکنیکی اقدامات کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ پلاسٹک مینوفیکچرنگ سیکٹر کی بہتری کے لیے ادارہ جاتی تعاون، تربیتی پروگراموں، اور ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے میدان میں قریبی اشتراک کو مزید فروغ دیا جائے گا، صنعت اور تعلیمی اداروں کے مابین روابط کو مضبوط بنا کر نہ صرف پاکستان کی پلاسٹک انڈسٹری کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیا جا سکتا ہے بلکہ مقامی ٹیکنالوجی کی ترقی اور برا?مدی معیار کو بھی بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر فریقین نے پاکستان میں انجینئرنگ اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں کی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ، اور ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کے لیے مشترکہ اقدامات پر بھی اتفاق کیا، مستقبل میں مشترکہ ورکشاپس، تربیتی پروگرامز اور ریسرچ پروجیکٹس ترتیب دیے جائیں گے تاکہ مقامی صنعت کی پیداوار، معیار، اور برا?مدی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

ہولڈرز سے آراء حاصل کرنے کے لیے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر شائع کیا گیا۔ اس اقدام کے تسلسل میں لاہور اور کراچی میں صنعت، پیشہ ورانہ اداروں اور نگران اداروں کے نمائندوں کے ساتھ مشاورتی سیشن بھی منعقد کیے گئے۔ موصولہ جوابات میں وسیع تر آراء سامنے آئیں جس میں زیادہ تر شرکاء نے موجودہ کاسٹ آڈٹ فریم ورک کو زیادہ تعمیلی تقاضے کے طور پر دیکھا جس کی عملی یا اقتصادی افادیت محدود ہے۔ مشاورتی عمل کے دوران موصولہ آراء کی بنیاد پر 27 اکتوبر کو ایس ای سی پی ہیڈ آفس اسلام آباد میں ایک مزید مشاورتی سیشن منعقد کیا گیا جس کی صدارت ایس ای سی پی کے چیئرپرسن نے کی۔ اس سیشن میں انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، انسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، وزارت صنعت و پیداوار، کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان اور دیگر صنعتی سٹیک ہولڈرز کے نمائندوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے کاسٹ آڈٹ کے نظام کو بین الاقوامی معیار کے ساتھ ہم آہنگ کرنے اور اسے نگرانی اور پالیسی کے مقاصد کے لیے مزید متعلقہ بنانے پر تفصیلی غور و خوض کیا۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

کہ یہ نئے ضوابط آئندہ ہفتے سے نافذ العمل ہوں گے۔ ان کے مطابق، یہ اقدام عمرہ زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر کیا گیا ہے تاکہ ویزا سسٹم کو مزید منظم اور مؤثر بنایا جا سکے۔ عرب نیوز کے مطابق، رواں سال جون سے اب تک 40 لاکھ سے زائد بین الاقوامی زائرین کے لیے عمرہ ویزے جاری کیے جا چکے ہیں، جو گزشتہ برسوں کے مقابلے میں ریکارڈ اضافہ ہے۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

مینیجر برائے شمالی افریقہ، لیونٹ اور پاکستان لیلیٰ سرحان نے دستخط کیے۔ اس موقع پر میزان بینک کے بانی صدر اور چیف ایگزیکٹو ا?فیسر عرفان صدیقی، گروپ ہیڈ کنزیومر فنانس احمد علی صدیقی اور دونوں اداروں کی سینئر مینجمنٹ بھی موجود تھی۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

افغان پالیسی کو عوام کی بھرپور تائید حاصل ہے۔ حکومت کا واضح اور ٹھوس مؤقف اس خطے کے مفاد میں ہے اور یہ پالیسی پاکستان کی خودمختاری، سرحدی سلامتی اور آبی خود انحصاری کو مقدم رکھتی ہے۔ شاہد رشید بٹ نے خبردار کیا کہ افغانستان بھارت کے اشاروں پر خطرناک کھیل کھیل رہا ہے۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

سہیل عثمان شیخ کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران صدر کراچی چیمبر محمد ریحان حنیف نے یہ یقین دہانی کروائی کہ وہ اس اہم مسئلے کو میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کے ساتھ اٹھائیں گے تاکہ متاثرہ سڑک کی جلد بحالی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

صدر، عشرت علی نائب صدر، اور شاہد عرفان جنرل سیکرٹری شامل ہیں۔ چوہدری احمد جواد نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان بزنس فورم کا مقصد کاروباری برادری کو ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ ملکی و علاقائی معیشت کی ترقی میں فعال کردار ادا کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ بہاولپور ٹیم سے توقع ہے کہ وہ مقامی صنعت کاروں، تاجروں اور کاروباری اداروں کے درمیان مضبوط روابط استوار کرے گی اور حکومتی پالیسی سازی میں نجی شعبے کی نمائندگی کو مو?ثر بنائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ ملکی معیشت کو اس وقت کئی چیلنجز درپیش ہیں، تاہم درست سمت میں پالیسی اقدامات، برا?مدات کے فروغ، اور کاروباری لاگت میں کمی سے معاشی سرگرمیوں میں بہتری کے امکانات واضح ہیں۔ پاکستان بزنس فورم ملک کے مختلف شعبوں — بالخصوص زراعت، انڈسٹری، سیاحت اور توانائی میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

جی ڈائیورشن میں سالانہ 65 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کی وجہ بجلی کے شعبے میں کم طلب اور متعدد کیپٹو پاور پلانٹس کا قومی گرڈ پر منتقل ہونا بتائی گئی ہے۔ ترسیل و تقسیم (ٹی اینڈ ڈی) کے اخراجات میں اضافہ بھی تجویز کیا گیا ہے، جو بنیادی طور پر سیلاب سے متاثرہ گیس پائپ لائنوں کی مرمت و بحالی اور آر ایل این جی کنکشنز کے لیے انفراسٹرکچر بجٹ سے منسلک ہے۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

تو وہاں پر ڈاکٹر نے زچگی آپریشن کیلیے رقم کی ادائیگی کا مطالبہ کیا۔ خاتون نے جب ڈاکٹر سے رقم نہ ہونے کا تذکرہ کیا تو انہوں نے بتایا کہ ایک خاتون بچے کی خواہش مند ہے اور وہ بچے کو نہ صرف پالے گی بلکہ آپریشن کے اخراجات بھی ادا کرے گی۔

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملائشیا کو حلال گوشت کی برآمدات کے لیے جامع پالیسی تیار کرنے کا فیصلہ

قیمتوں کی مسابقت، معیار کے تقاضوں اور سپلائی کی مستقل مزاجی کو مؤثر طریقے سے منظم کیا جائیگا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے حلال گوشت کی ملائیشیا برآمدات سے متعلق مسائل پر بات چیت کے لیے اجلاس منعقد کیا گیا۔ یہ اجلاس برآمد شدہ مصنوعات کے معیار کے حوالے سے شکایات کی اطلاعات کے بعد منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت وزیر تجارت جام کمال خان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

پہلی سہ ماہی، پی ایس او کے منافع میں 500 فیصد سے زائد اضافہ

گزشتہ سال اسی عرصے میں کمپنی نے 1.85 ارب روپے کا منافع ریکارڈ کیا تھا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹیٹ آئل جو ملک کی سب سے بڑی آئل مارکیٹنگ کمپنی (او ایم سی) ہے، نے مالی سال 2025-26 کی پہلی سہ ماہی میں 11.2 ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع ظاہر کیا ہے، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ چین میڈیا گروپ کے زیر اہتمام اور چین کے سفارتخانے کے تعاون سے نسٹ میں منعقدہ تقریب میں شریک ہیں

ایمیزون کا 30 ہزار کارپوریٹ ملازمین کی چھانٹی کا منصوبہ

یہ اقدام کمپنی کی اخراجات میں کمی اور کووڈ-19 وبا کے دوران ضرورت سے زیادہ بھرتیوں کے اثرات کو متوازن کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے

2022 کے بعد سے سب سے بڑی نوکریوں کی کٹوتی ہوگی، جب کمپنی نے تقریباً 27 ہزار عہدے ختم کیے تھے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایمیزون نے 30 ہزار تک کارپوریٹ ملازمتیں ختم کرنے کا منصوبہ تیار کرلیا ہے۔ یہ اقدام کمپنی کی اخراجات میں کمی اور کووڈ-19 وبا کے دوران ضرورت سے زیادہ بھرتیوں کے اثرات کو متوازن کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ کٹوتی ایمیزون کے کل 15 لاکھ 50 ہزار ملازمین کا ایک چھوٹا حصہ ہے لیکن اس کے 3 لاکھ 50 ہزار کارپوریٹ عملے کا تقریباً 10 فیصد بنتی ہے۔ یہ ایمیزون کی 2022 کے بعد سے سب سے بڑی نوکریوں کی کٹوتی ہوگی، جب کمپنی نے تقریباً 27 ہزار عہدے ختم کیے تھے۔ کمپنی نے اس معاملے پر کوئی تبصرہ کرنے سے انکار کیا ہے۔ ذرائع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

تنخواہ دار طبقے سے 605 ارب کا ود ہولڈنگ ٹیکس جمع

مجموعی براہِ راست ٹیکسوں میں ود ہولڈنگ ٹیکسز کا حصہ مالی سال 2024-25 میں 59 فیصد رہا

زیادہ اضافہ تنخواہوں سے جمع ہونے والے ود ہولڈنگ ٹیکس میں ریکارڈ کیا گیا جو تقریباً 214.2 ارب روپے (55 فیصد) رہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مالی سال 2024-25 کے دوران تنخواہ دار طبقے سے 605.593 ارب روپے کے ود ہولڈنگ ٹیکس جمع کیے ہیں جو گزشتہ مالی سال 2023-24 کے 391.362 ارب روپے کے مقابلے میں 54.7 فیصد اضافے کی نمائندگی کرتے ہیں ایف بی آر کی رپورٹ کے مطابق، مجموعی براہِ راست ٹیکسوں میں ود ہولڈنگ ٹیکسز کا حصہ مالی سال 2024-25 میں 59 فیصد رہا جبکہ 2023-24 میں یہ 60 فیصد تھا۔ ٹیکسوں کی مد میں ایف بی آر نے مالی سال 2024-25 میں 737.715 ارب روپے جمع کیے جو گزشتہ سال (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

پی ایم ای ایکس میں 45.756 بلین روپے کے سودے

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ میں جمعرات کے دن میٹلز، انرجی، کوٹس اور انڈیکس کے 45.756 بلین روپے مالیت کے سودے ہوئے جن کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

ٹیرف پالیسی بورڈ کا نان کاٹن میٹریل پر کسٹمز ڈیوٹیز میں اصلاحات کا فیصلہ

خواتین اور بچوں کے کپڑے، اسپورٹس ویئر، پرفارمنس ویئر، اور دیگر اعلیٰ قدر کی تیار شدہ مصنوعات شامل ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیرف پالیسی بورڈ (ٹی پی بی) جو ایک بین الوزارتی ادارہ ہے اور جس کی قیادت وزیر برائے تجارت کر رہے ہیں، نان کاٹن میٹریل (یارن اور کپڑے) پر کسٹم ڈیوٹیز کو منصفانہ بنانے کے لیے اقدامات کرنے جا رہا ہے تاکہ پاکستان کے مین میڈ فائبر (ایم ایم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)



کراچی کا پالک پنیر بھارت سے زیادہ مزیدار ہے، سوئیڈش آرٹسٹ

آرٹس کونسل میں منعقدہ ورلڈ کلچر فیسٹیول میں شریک ڈومی فاریسٹ کی کراچی کے کھانوں کی تعریف

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سوئیڈن سے تعلق رکھنے والی آرٹسٹ کراچی کے پالک پنیر کی دیوانی ہوگئیں اور اعتراف کیا ہے کہ یہاں کا پالک پنیر بھارت اور سوئیڈن سے زیادہ مزے کا ہے۔ کراچی آرٹس کونسل میں جاری ورلڈ کلچر فیسٹیول میں شرکت کے لیے آئی سوئیڈش میورل آرٹسٹ ڈومی فاریسٹ پاکستان میں دو بڑے وال آرٹ پینٹنگز بنا رہی ہیں، جن میں محبت، فطرت اور انسانی تعلق کو علامتی انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ ڈومی کا کہنا ہے کہ یہ ان کا پاکستان میں پہلا تجربہ ہے جو مثبت توانائی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں ایک مرتبہ پھر اضافہ کردیا

مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق یکم نومبر 2025 سے اگلے 15 روز تک ہوگا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) خزانہ ڈویژن سے جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) اور متعلقہ وزارتوں کی سفارش پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کردیا ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق یکم نومبر 2025 سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

سیکیورٹی پیپرز لمیٹڈ نے مالی سال 26/2025 کی پہلی سہ ماہی کے مالی نتائج کا اعلان کردیا

کراچی (کامرس رپورٹر) 2025 سیکیورٹی پیپرز لمیٹڈ (ایس پی ایل) نے مورخہ 30 ستمبر، 2025ء کو ختم ہونے والی پہلی سہ ماہی کے لیے اپنے غیر آڈٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

پاکستان ایران آزاد تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کے نزدیک

جلد اسے باضابطہ منظوری کیلئے پیش کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے

کوئٹہ اور زاہدان کے درمیان پروازیں بحال ہو چکی ہیں جس سے عوامی روابط اور تجارت کو فروغ ملے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور ایران اپنے آزاد تجارتی ایگریمنٹ (ایف ٹی اے) کو باضابطہ شکل دینے کے قریب پہنچ گئے کیونکہ اس معاہدے کا حتمی متن اب پاکستانی حکام کے زیر جائزہ ہے اور جلد اسے باضابطہ منظوری کیلئے پیش کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ یہ بات وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور ایران کے سفیر برائے پاکستان رضا امیری مقدم کے درمیان ملاقات کے دوران سامنے آئی جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تجارتی اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے مواقع پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں جاری اقدامات، تجارتی معاہدوں اور مستقبل کے مواقع پر روشنی ڈالی گئی تاکہ دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید فروغ دیا جا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

ٹیکسٹائل شعبے کے مسائل فوری حل کیے جائیں، پی ٹی سی

کونسل نے پاکستان کی برآمدات کی کارکردگی کا شواہد پر مبنی تجزیہ پیش کیا اور ان رجحانات کی نشاندہی کی ہے

ٹیکسٹائل سیکٹر، جو پاکستان کی کل برآمدات کا تقریباً 63 فیصد حصہ رکھتا ہے، دباؤ کا شکار ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ٹیکسٹائل کونسل (پی ٹی سی) نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ٹیکسٹائل شعبے کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کرے بصورت دیگر طویل خاموشی پاکستان کی برآمدی کارکردگی کو مزید کمزور کرسکتی ہے۔ کونسل کے چیئرمین فواد انور نے مختلف سرکاری محکموں کو ایک خط کے ذریعے مالی سال 2025-26 کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر 2025) کے برآمدی اعداد و شمار پر مبنی رپورٹ ارسال کی ہے۔ رپورٹ میں کونسل نے پاکستان کی برآمدات کی کارکردگی کا شواہد پر مبنی تجزیہ پیش کیا اور ان رجحانات کی نشاندہی کی ہے جن کے لیے فوری پالیسی اقدامات کی ضرورت ہے۔ رپورٹ کے مطابق نتائج تشویشناک اور رہنمائی فراہم کرنے والے ہیں۔ ٹیکسٹائل سیکٹر، جو پاکستان کی کل برآمدات کا تقریباً 63 فیصد حصہ رکھتا ہے، دباؤ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

آل پاکستان ماسپیڈا کے وفد کا کراچی چیمبر کے دورہ کے موقع پر شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

حکومت کیمیکل سیکٹر کو ترجیح دے، لاہور چیمبر

جن ممالک نے پیداوار پر توجہ دی آج وہ دنیا کی پہلی دس بڑی ایکسپورٹر معیشتوں میں شامل ہیں

لاہور (کامرس ڈیسک) پاکستان کیمیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے وفد نے کہا ہے کہ کیمیکل انڈسٹری ملکی صنعتی ڈھانچے کی بنیاد ہے اور یہ رامٹیریلز کی فراہمی کا سب سے اہم ذریعہ ہے۔ جن ممالک نے نیپتھا کریکر اور کیمیکل کی مقامی پیداوار پر توجہ دی ہے، آج وہ دنیا کی پہلی دس بڑی ایکسپورٹر معیشتوں میں شامل ہیں۔ پاکستان میں بھی اس شعبے کی ترقی قومی صنعتی خود کفالت، برآمدات میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

ٹیرف پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہیں، صدر چیمبر سیالکوٹ

صنعتوں کے لیے بجلی سستی کرنا حکومت کا احسن اقدام ہے، اس سے صنعتی لاگت میں کمی آئے گی

سیالکوٹ (کامرس ڈیسک) صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سید احتشام مظہر گیلانی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان کے ’’روشن معیشت بجلی پیکج‘‘ کے تحت صنعتی و زرعی صارفین کے لیے رعایتی ٹیرف کے تاریخی آغاز پر ہم وزیراعظم محمد شہباز شریف، وفاقی وزیر برائے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

ویتنام میں بارش کے باعث رہائشی علاقہ پانی میں ڈوبا ہوا ہے

جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے معاشی استحکام ترجیح ہے، قیصر شیخ

چین کے ساتھ ہائی ٹیک سیکٹر میں اشتراک کو مزید مضبوط بنانے کا عزم رکھتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے معاشی استحکام اولین ترجیح ہے، چین کے ساتھ ہائی ٹیک سیکٹر میں اشتراک کو مزید مضبوط بنانے کا عزم رکھتے ہیں۔ چینی سفارتخانہ اسلام آباد نے ایک خصوصی پریمیئر ایونٹ کا انعقاد کیا، جس میں وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے بطور مہمان خصوصی شرکت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

میٹا پاکستان کے ساتھ تعاون کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے

جاری کردہ بیان کے مطابق جام کمال خان نے میٹا کے وفد کا خیر مقدم کیا اور پاکستان کی ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن میں تعاون پر میٹا کے شراکتی کردار کو سراہا

مالی سال 2025 میں آئی ٹی اور آئی ٹی سے منسلک خدمات کی برآمدات میں 18 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 3.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ٹیکنالوجی کمپنی میٹا حکومت کی نئی ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن پالیسی کے تحت مصنوعی ذہانت (اے آئی)، ڈیجیٹل تجارت اور ای کامرس کے شعبوں میں پاکستان کے ساتھ تعاون کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے۔ یہ پیشرفت وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور میٹا کے ڈائریکٹر برائے پبلک پالیسی (جنوبی ایشیا) رافیل فرینکل کی قیادت میں آنے والے وفد کے درمیان اسلام آباد میں ہونے والی ملاقات میں سامنے آئی۔ ملاقات میں جدید ٹیکنالوجیز، ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں (ایس ایم ایز) کے استحکام سے متعلق تعاون کے امکانات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

امریکا کیلئے براہ راست پروازوں کی بحالی میں بڑی پیشرفت

ستمبر میں امریکی ایوی ایشن اتھارٹی کی ٹیم نے سی اے اے اور پاکستانی ایئر لائنز کے طیاروں کا ابتدائی آڈٹ کیا تھا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سے امریکا کیلئے براہ راست پروازوں کی بحالی کے سلسلے میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ذرائع کے مطابق امریکی فیڈرل ایوی ایشن اتھارٹی کی ٹیم جنوری میں ایک اور آڈٹ کے لیے پاکستان پہنچے گی۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے تمام متعلقہ شعبوں کے سربراہان کو امریکی آڈٹ کی تیاری مکمل رکھنے کی ہدایت کردی ہے۔ امریکی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

پاکستان اور بنگلا دیش کے تعلقات میں نئے باب کا آغاز

پاک بنگلادیش: توانائی، تجارت و دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر متفق ہیں، وفاقی وزیر پیٹرولیم

ڈھاکا (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان اور بنگلا دیش کے تعلقات میں نئے باب کا آغاز ہوا ہے، بیس سال بعد مشترکہ اقتصادی کمیشن کا اجلاس خوش آئند ہے۔ بنگلا دیش کے مختلف اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کیں اور پاکستان اور بنگلا دیش کے تعلقات کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقاتوں میں دونوں ممالک کے درمیان ادارتی میکانزم کے اجلاسوں کی بحالی پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور توانائی، قدرتی وسائل، تجارت، ٹیکسٹائل، سیاحت اور سول ایوی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

پاکستان: 20 سال بعد سمندر میں تیل اور گیس کی تلاش کیلئے کامیاب بولیاں

اس پہلے مرحلے میں ابتدائی طور پر 80 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی، حکام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں مقامی وسائل کی ترقی کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے اور 20 سال بعد سمندر میں تیل اور گیس کے ذخائر کی تلاش کے سلسلے میں آف شور بڈنگ راؤنڈ میں 23 بلاکس کی کامیاب بولیاں موصول ہوئی ہیں۔ حکام کے مطابق سمندر میں تیل اور گیس کی تلاش کے لیے 23 بلاکس کی کامیاب بولیاں موصول ہوئی ہیں، جن کا مجموعی رقبہ 53 ہزار 510 مربع کلومیٹر پر محیط ہے۔ حکام کے مطابق تیل اور گیس کی تلاش کے اس پہلے مرحلے میں ابتدائی طور پر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

عمرہ زائرین کیلئے نئی شرط، سعودی حکومت نے پالیسی میں بڑی تبدیلی کردی

سعودی قومی کمیٹی برائے عمرہ کے مشیر احمد باجیفر نے بتایا کہ یہ نئے ضوابط آئندہ ہفتے سے نافذ العمل ہوں گے

مکہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کی وزارت حج و عمرہ نے عمرہ ویزا پالیسی میں بڑی تبدیلی کا اعلان کیا ہے۔ نئی پالیسی کے مطابق، اب عمرہ ویزا حاصل کرنے کے بعد 30 دن کے اندر سعودی عرب کا سفر کرنا لازمی ہوگا۔ اگر مقررہ مدت میں سفر نہ کیا گیا تو ویزہ خود بخود منسوخ ہوجائے گا۔ پہلے یہ مدت تین ماہ تھی، جسے اب کم کر کے ایک ماہ کر دیا گیا ہے۔ تاہم سعودی عرب میں داخل ہونے کے بعد قیام کی اجازت بدستور تین ماہ ہی رہے گی۔ سعودی قومی کمیٹی برائے عمرہ کے مشیر احمد باجیفر نے بتایا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت کا لاہور چیمبر کا دورہ

لاہور (کامرس ڈیسک) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے ایوان صنعت و تجارت لاہور کا دورہ کیا جہاں صنعتکاروں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انڈسٹری اور صنعتکاروں کو درپیش مسائل پر بات چیت ہوئی۔ صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل نے انڈسٹری اور صنعتکاروں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے صنعتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

دی بینک آف پنجاب کا آپریٹنگ منافع کا اعلان

لاہور (کامرس ڈیسک) 30 اکتوبر 2025ء کو ہونے والے اجلاس میں بینک آف پنجاب کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 ستمبر، 2025 کو ختم ہونے والے 9 ماہ کی غیر آڈٹ شدہ مالیاتی رپورٹس کی منظوری دی۔ بورڈ نے بینک کی غیر معمولی کارکردگی کو سراہا، جو نہ صرف توقعات سے بڑھ کر رہی بلکہ تمام اہم شعبوں میں شاندار مالی نتائج حاصل کیے۔ مشکل معاشی حالات، کم شرح سود اور بڑھتے ہوئے اخراجات کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

پاکستان پلاسٹک مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے وفد کا کے ٹی ڈی ایم سی کا دورہ

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان پلاسٹک مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی پی ایم اے) کے ایک اعلیٰ سطح وفد نے کراچی ٹولز، ڈائز اینڈ مولڈز سینٹر (کے ٹی ڈی ایم سی) کا دورہ کیا، جہاں وفد نے ادارے کے سی ای او منصور احمد اور ان کی ٹیم سے ملاقات کی۔ دورے کا مقصد صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنا اور ٹول، ڈائی اور مولڈ ڈیولپمنٹ، تکنیکی مہارتوں کے فروغ اور پلاسٹک مینوفیکچرنگ سیکٹر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

میزان بینک اور ویزا کے درمیان شراکت داری میں توسیع کا معاہدہ

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان کے ممتاز اسلامی بینک میزان بینک نے ویزا کے ساتھ اپنی اسٹریٹجک شراکت داری کی تجدید اور توسیع کا اعلان کیا ہے۔ اس شراکت داری کا مقصد بینک کا اپنے ڈیبٹ کارڈ پورٹ فولیو کو بڑھانا اور ملک بھر میں اپنے صارفین کیلئے بینکنگ تجربے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں میزان بینک کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر سید عامر علی اور ویزا کی گروپ کنٹری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

ڈھاکا: وفاقی وزیر توانائی علی پرویز ملک بنگلہ دیش کے مشیر برائے خارجہ امور توحید حسین سے مصافحہ کر رہے ہیں

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے امریکی قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کے کاسٹ آڈٹ نظام میں اصلاحات پر مشاورتی اجلاس

مشاورتی اجلاس کے دوران ایس ای سی پی ہیڈ آفس اسلام آباد میں ایک مزید مشاورتی سیشن منعقد

اسلام آباد (کامرس ڈیسک) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے پاکستان میں کاسٹ آڈٹ نظام کی افادیت اور موجودہ فریم ورک کا جائزہ لینے کے مقصد سے جنوری 2025ء میں ایک کنسلٹیشن پیپر جاری کیا، اس پیپر کو مختلف شعبوں کے کلیدی سٹیک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

افغانستان بھارت کے اشاروں پر خطرناک کھیل کھیل رہا ہے

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی افغان پالیسی لائق تحسین ہے، شاہد رشید بٹ

اسلام آباد (کامرس ڈیسک) معروف تاجر رہنما اور اسلام آباد چیمبر کے سابق صدر شاہد رشید بٹ نے کہا ہے کہ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی افغان پالیسی قابل تعریف اور ملکی مفادات کے عین مطابق ہے۔ پاکستان کے بنیادی مفادات کے تحفظ کے لیے ایک مستحکم اور دوراندیش (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

پاکستان بزنس فورم علاقائی ترقی کیلیے پرعزم ہے، چوہدری احمد جواد

پاکستان بزنس فورم کا مقصد کاروباری برادری کو ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے

بہاولپور (کامرس ڈیسک) بہاولپور میں پاکستان بزنس فورم کے چیف آرگنائزر چوہدری احمد جواد نے بہاولپور ریجن کے لیے نئی ٹیم کا باضابطہ اعلان کردیا ہے جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے یہ ٹیم اکتوبر 2025 سے ستمبر 2027 تک دو سالہ مدت کے لیے اپنے فرائض انجام دے گی۔ نئی ٹیم میں سردار نجیب اللہ خان صدر، رانا محمد جہانگیر سینئر نائب صدر، سید رضوان علی نائب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

گیس کمپنیوں نے قیمتوں میں 5 فیصد اضافے کی درخواست دے دی

ڈالر کے مقابلے میں متوقع گراوٹ کے باعث گھریلو صارفین کے لیے گیس کی لاگت میں معمولی اضافہ مانگا ہے

آر ایل این جی کی متوقع ڈائیورشن 81,303 بی بی ٹی یو تک پہنچ جائے گی جو مالی سال 2026 کے تخمینے کے مقابلے میں 2 فیصد زیادہ ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) گیس کی دو بڑی تقسیم کار کمپنیوں سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) اور سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی)، نے مالی سال 2026 کے لیے اپنے نظرِ ثانی شدہ تخمینی ریونیو تقاضوں میں گیس کی قیمتوں میں 5 فیصد اضافے کی درخواست دی ہے۔ گیس کمپنیوں نے روپے کی قدر میں ڈالر کے مقابلے میں متوقع گراوٹ کے باعث گھریلو صارفین کے لیے گیس کی لاگت میں معمولی اضافہ مانگا ہے۔ ان کے مطابق آر ایل این جی کی متوقع ڈائیورشن 81,303 بی بی ٹی یو تک پہنچ جائے گی، جو مالی سال 2026 کے تخمینے کے مقابلے میں 2 فیصد زیادہ ہے۔ آر ایل این (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

آل پاکستان اسپیڈا کے وفد کا کراچی چیمبر کا دورہ

نامکمل ترقیاتی کاموں نے کاروباری سرگرمیوں، ٹریفک کی روانی اور علاقے میں دکانوں تک رسائی کو بری طرح متاثر کیا ہے

ایم اے جناح روڈ پر اورنگزیب مارکیٹ کے سامنے ترقیاتی کاموں میں تاخیر سے تاجروں اور دکانداروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، محمد ریحان حنیف

کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر محمد ریحان حنیف نے ایم اے جناح روڈ پر اورنگزیب مارکیٹ کے سامنے جاری ترقیاتی کاموں میں تاخیر پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے تاجروں اور دکانداروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے لہٰذا اس شاہراہ کو اگر جلد از جلد مرمت کر کے بحال نہ کیا گیا تو اس اہم تجارتی علاقے میں کاروباری سرگرمیاں معطل ہونے اور رنگ زیب مارکیٹ، اقبال سینٹر، ٹائر مارکیٹ اور دیگر قریبی مارکیٹوں کے بند ہونے کا خطرہ ہے۔ آل پاکستان موٹر سائیکل اسپیئر پارٹس امپورٹرز اینڈ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے

جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

info@tijaratnews.tv

0307-0610770

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے وزرائے قانون کے اجلاس سے وڈیو لنک کے ذریعے خطاب کر رہے ہیں

کراچی: میزان بینک اور ویزا کے درمیان شراکت داری میں توسیع کے معاہدے پر دستخط کیے جا رہے ہیں

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا